ایک موتی ایک لاکھ کا .... مگر
پیارے بچوں کیلئے تمام کے تمام مفت ہیں

انمول موتی





اعداد: محمد طاہر نقاش

دار الابلاغ
DARULIBLAGH


انمول
موتی

دار الابلاغ
DARULIBLAGH
کتاب و سنت کی اشاعت کا مثالی ادارہ

انمول موتی

اعداد: .... ابو عبد اللہ۔ محمد طاہر نقاش

پہلا ایڈیشن .... فروری 2010

پاکستان میں ہماری کتب مندرجہ ذیل اداروں سے مل سکتی ہیں

• لاہور۔ دارالاندلس 37230548 ۔ دارالسلام شوروم 37232400 ۔ مکتبہ قدوسیہ 37230585 ۔ مکتبہ سلفیہ 37237184 ۔ کتاب سرائے 37320318 ۔
اسلامی اکیڈمی 37357587 ۔ نعمانی کتب خانہ 37321865 ۔ مکتبہ رحمانیہ 37724228 ۔ مکتبہ دارالھدی 37639557 ۔ البلاغ 35717842 ۔
• راولپنڈی۔ تجلیات طیبہ کشمیری بازار ۔ 5536168 ۔ • اسلام آباد۔ المسعود اسلامک بکس 2281358 ۔ البلاغ 2281420 ۔ دارالسلام شوروم 0321-5370378 ۔
• کراچی۔ فضل سنز 32212991 ۔ مکتبہ دارالقرآن، 021-32211898 علمی کتب خانہ اردو بازار 32626939 ۔
• فیصل آباد۔ مکتبہ اسلامیہ بیرون امین پور بازار، 631204 ۔ مکتبہ اھلحدیث امین پور بازار 0300-8628021,041-2629292
• پشاور۔ معراج کتب خانہ 214720 ۔ • حیدر آباد۔ مکتبہ دعوت السلفیہ 0333-2607264
• سیالکوٹ۔ مکتبہ رحمانیہ ناصر روڈ سیالکوٹ 052-4601911

دار الابلاغ پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز
رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور فون: 042-7361428 ,0300-4453358

انمول موتی

اعداد:

ابو عبداللہ۔ محمد طاہر نقاش

دار الابلاغ پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز
رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور فون: 042-7361428, 0300-4453368

بسم الله الرحمن الرحيم

آئینہ

انمول موتی

- آزادی 15
- آنسو 16
- اتحاد واتفاق 16
- احتیاط 16
- احسان 17
- اخلاص 18
- اخلاق 18
- ارادہ 19
- استاد 20
- اصول 20
- اطمینان' بے اطمینانی 21
- اعتماد' بے اعتمادی 22
- اعمال 23
- افلاس یا غریبی 23
- امن 24

- امید ... 24
- انتقام ... 25
- اندیشہ ... 26
- انسان ... 26
- انسانیت ... 28
- انصاف ... 28
- انقلاب ... 29
- اہمیت ... 30
- ایثار ... 30
- ایمان یا ایمان داری ... 31
- بدگوئی ... 31
- برائی ... 31
- برتاؤ یا سلوک ... 32
- برداشت ... 33
- بزدلی ... 33
- بندھن ... 33
- بہادری ... 34
- بھلائی ... 34

- بھوک 35
- بھیک 36
- بے انصافی 36
- بیداری 36
- پاکیزگی 37
- پچھتاوا یا ندامت 38
- پرستش 38
- پڑوسی 38
- پیٹ 39
- پیسہ 39
- تاریخ 40
- تبدیلی یا تغیر 40
- تجربہ 41
- تحفہ 41
- تخیل 42
- تذبذب 42
- ترقی 43
- تعریف یا خوشامد 43

- تعلیم وتربیت 44
- تکلیف 45
- تنہائی 46
- توہین 46
- تہذیب 46
- ٹھوکر 47
- جدائی 47
- جدوجہد 48
- جذبات 48
- جرم 49
- جمہوریت 49
- جنت 50
- جنگ 51
- جہالت 51
- جہنم 52
- جھگڑا 52
- جھوٹ یا جھوٹا 53
- چاپلوسی 54

- چالاکی 55
- چوری 55
- چہرہ 56
- حالات 56
- حب الوطنی 56
- حسد یا حاسد 57
- حسن یا خوبصورتی 57
- حفاظت 58
- حق 59
- حکومت 59
- حلم یا انکسار 59
- حماقت یا بے وقوفی 60
- حوصلہ 61
- خامی 61
- خاموشی 62
- خدا (یا) اللہ 62
- خدمت 63
- خواہشات 63

- خوداعتمادی 64
- خودغرضی 65
- خوش حالی 65
- خوش خلقی 65
- خیالات 66
- خیرات یادان 67
- درویش 68
- دشمن؛ دشمنی 68
- دعا 69
- دکھ 70
- دل 70
- دماغ 71
- دنیا 72
- دوستی 73
- دولت 74
- دھوکہ 75
- ڈر یا خوف 76
- ذہانت 76

- راز 76
- راستہ 77
- رائے 78
- رجحان 78
- رحم 78
- رشوت 79
- رواداری 79
- روایت 80
- روزی، روزگار 80
- ریاکاری 80
- زبان 81
- زندگی 82
- سختی 84
- سفیر 84
- سکھ 84
- سماج یا معاشرہ 85
- سوال 85
- سوچنا 86
- سیاست 86
- شاعر اور شاعری 86

- شرم 87
- شک وشبہ 88
- شہرت 88
- شخص 89
- شیطان 90
- صبر وتحمل 90
- صحت یا تندرستی 90
- صداقت 91
- طاقت یا قوت 92
- ظلم یا ظالم 93
- عالم 93
- عدل 95
- عزت واحترام 94
- ہنسی مسکراہٹ 95
- ہوس 95
- یاد 96
- یکسوئی 96

حرف تمنا

آزادی

☆ ...... آزادی کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ (لیاقت علی خان)

☆ ...... آزادی ہمارا پیدائشی حق ہے۔ (کہاوت)

☆ ...... انسانیت کا سنگیت صرف آزادی کے ساز سے پھوٹتا ہے۔ (سبھاش چندر بوس)

☆ ...... جو دوسروں کی آزادی سلب کرنے کی کوشش کرتے ہیں' وہ خود آزاد کہلانے کے حق دار نہیں۔ (لنکن)

☆ ...... ان سے زیادہ قابل رحم غلام کوئی نہیں جو اس وہم میں مبتلا رہتے ہیں کہ وہ آزاد ہیں۔ (گوئٹے)

☆ ...... آزادی ملک وقوم کی دائمی جوانی کا نام ہے۔ (فائے)

☆ ...... جس رب نے ہمیں زندگی دی ہے' اس نے اسی وقت ہمیں آزادی بھی دی ہے۔ (جیفرسن)

☆ ...... تحفظ کے لیے آزادی کی بھی حد ہونی چاہیے۔ (برک)

☆ ...... انسان آزاد پیدا ہوا ہے لیکن جدھر دیکھو وہ پابہ زنجیر ہے۔ (روسو)

☆ ...... تاروں بھرے آسمان کی درخشندہ فضا' سیاروں کی مسلسل گردش' فطرت کی رات دن کی انتھک کشمکش کس کام کی! اگر انسان اس دنیا میں

آزادی اور خوشی سے سانس نہیں لے سکتا۔ (گوئٹے)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

آنسو

☆...... دنیا عاقل کی موت پر اور جاہل کی زندگی پر ہمیشہ آنسو بہاتی ہے۔ (افلاطون)

☆...... اے عورت! تو نے اپنے اتھاہ آنسوؤں سے دنیا کے دل کو اس طرح گھیر رکھا ہے جس طرح سمندر زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔ (ٹیگور)

☆...... سات سمندروں کے پانی کے مقابلے میں انسان کی آنکھوں سے کہیں زیادہ آنسو بہہ چکے ہیں۔ (گوتم بدھ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اتحاد واتفاق

☆...... اگر چڑیاں متحد ہو جائیں تو شیر کی کھال کھینچ سکتی ہیں۔ (شیخ سعدی)

☆...... اتحاد واتفاق دنیا کو تسخیر کرنے والی قوتیں ہیں۔ (ابن ایمنیں خراسانی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

احتیاط

☆...... احتیاط دانش مندی کی سب سے بڑی بیٹی ہے۔ (وکٹر ہیوگو)

☆ ...... عقل مند آدمی اپنے سارے انڈے کبھی ایک ٹوکری میں نہیں رکھے گا۔ (سروینٹیس)

☆ ...... محتاط لوگ عموماً کم غلطیاں کرتے ہیں۔ (کنفیوشس)

☆ ...... شکستہ کشتیوں کو ساحل کے قریب ہی رہنا چاہیے۔ (فرینکلن)

☆ ...... دوسروں کی بدقسمتی سے احتیاط کا درس لو۔ (سائرس)

☆ ...... بغیر دیکھے کوئی چیز منہ میں نہ ڈالو اور بغیر پڑھے کبھی دستخط نہ کرو۔ (اسپینی کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

احسان

☆ ...... محسن کا شکر ادا کرو اور شکر گزار پر احسان کرو۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆ ...... احسان کیے جاؤ' نیک مشکور ہوں گے اور بد رائے بدلنے پر مجبور۔ (ابن خاقان)

☆ ...... جب تم کسی پر احسان کرو تو اسے چھپاؤ اور اگر کوئی تم پر کرے تو اسے پھیلاؤ۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆ ...... احسان فراموشی ایک قسم کی کمزوری ہے' میں نے آج تک کسی اصلی قابلیت کے مالک کو نہیں دیکھا جو احسان فراموش ہو۔ (گوئٹے)

☆...... پیڑ اپنے سر پر گرمی سہہ لیتا ہے لیکن اپنے سائے سے دوسروں کو گرمی سے بچاتا ہے۔ (کالیناس)

☆...... جو دوسروں پر احسان جتانے کا خواہش مند ہے، وہ دروازہ کھٹکھٹاتا ہے جس کے دل میں محبت ہے اس کے لئے دروازے کھلے ہیں۔ (ٹیگور)

☆...... دوسروں کی بہتری کے لئے اگر کچھ جعل سازی بھی کرنی پڑے تو اس سے روح پراگندہ نہیں ہوتی۔ (پریم چند)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اخلاص

☆...... حد سے زیادہ مخلص نہ بنو دراصل خلوص دو دھاری تلوار ہے، خلوص کی تلوار رکھنے والا اکثر خود ہی زخمی ہو جاتا ہے۔ (آندرے مورس)

☆...... وہ دل جس میں خلوص کا مقدس جذبہ نہ ہو، اس صدف کی مانند ہے جس میں موتی نہ ہو۔ (بائرن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اخلاق

☆...... سب سے بڑا حسن، حسنِ اخلاق ہے۔ (اصمعی)

☆...... تمہیں کیا چاہیے؟ جو کچھ بھی چاہیے، اسے مسکراہٹ کی طاقت

سے حاصل کرو نہ کہ تلوار کی۔ (شیکسپیئر)

☆...... اخلاق جسمانی حسن کی کمی کو پورا کر دیتا ہے۔ (سویٹ ماڈرن)

☆...... دوسروں کو اپنے جذبۂ اخلاق و احترام سے متعارف کرانے کا نام ہی اخلاق ہے۔

☆...... صرف اچھے مت بنو، کسی مقصد کے حصول کے لیے اچھے بنو۔ (تھورڈ)

☆...... انسانیت کو ناک کے بل چلانے کے تمام ذرائع میں سے اخلاقیات سب سے کارآمد ذریعہ ہے۔ (نطشے)

☆...... اگر کسی کام کو کرنے کے بعد خوشی محسوس ہو تو سمجھو کہ تم نے اخلاقی فرض ادا کیا ہے اور اگر کام کرنے کے بعد کوفت محسوس ہو تو سمجھو کہ تم نے اخلاقی حد توڑ دی ہے۔ (ہیمنگ دے)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ارادہ

☆...... تجربہ شاہد ہے کہ ضرورت کے وقت مستحکم ارادہ پوری طرح مدد کرتا ہے۔ (شیکسپیئر)

☆...... جس کا ارادہ مستحکم اور اٹل ہے' وہ دنیا کو اپنے سانچے میں ڈھال سکتا ہے۔ (گوئٹے)

☆...... ہم اپنے اچھے سے اچھے کاموں سے بھی شرمندہ ہو سکتے ہیں، اگر لوگ صرف اس ارادے کو دیکھ سکیں، جس کی تحریک سے وہ کام کیے

گئے تھے۔ (روچی)

☆ ...... سچی سے سچی اور اچھی سے اچھی عقل مندی ارادہ ہے۔ (نپولین)

☆ ...... جو آدمی ارادہ کر سکتا ہے اس کے لئے کچھ بھی ناممکن نہیں ہے۔ (ایمرسن)

☆ ...... اچھے کام کرنے کے لیے پیسے کی ضرورت کم پڑتی ہے، اچھے دل اور ارادے کی زیادہ۔ (مور)

☆ ...... اس دنیا کی ہر چیز قوتِ ارادی پر منحصر ہے۔ (وڈز رائیلی)

☆ ...... دنیا میں کچھ بھی نایاب نہیں ہے صرف مصمم ارادہ ہونا چاہیے۔

☆ ...... اگر پہاڑوں کا سرکانے کا ارادہ ہے تو پہلے ذروں کو سرکانا سیکھو۔ (کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

استاد

☆ ...... تجربہ ہی سب سے سچا استاد ہے۔ (کہاوت)

☆ ...... شاگرد کے علم پر تصحیح کرنا یہی استاد کا کام ہے، باقی کے لیے شاگرد خود جواب دہ ہے۔ (ونوبا بھاوے)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اصول

☆ ...... اصول اگر لمحہ بھر کے لیے بھی ختم ہو جائے تو سارا نظام شمسی تہہ و بالا ہو

جائے۔ (گاندھی)

☆...... قدرت کا یہ ایک عام سا اصول ہے، جو کبھی نہیں بدلے گا کہ قابل اشخاص نا قابل اشخاص پر حکومت کرتے رہیں گے۔ (ڈائیونیسیس)

☆...... اگر آپ کے کچھ اصول ہیں تو ان پر قائم رہیے، کبھی نہ کبھی بات ضرور سنی جائے گی۔ (ڈبلیو۔مون)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اطمینان ...... بے اطمینانی

☆...... سب سے زیادہ اسی کو ملتا ہے جو مطمئن ہے۔ (شیکسپیئر)

☆...... بغیر کسی سے مقابلہ یا موازنہ کیئے زندگی بسر کرو، یہی اعلیٰ اطمینان کی علامت ہے۔ (کنڈورست)

☆...... بے اطمینانی سب سے بڑا دکھ ہے اور اطمینان سب سے بڑا سکھ، اس لیے سکھ کے خواہش مند انسان کو ہمیشہ مطمئن رہنا چاہیے۔ (گوتم بدھ)

☆...... انسان کو تندرست رکھنے کے لیے اطمینان بہترین غذا بھی ہے اور بہترین دوا بھی۔ (ڈبلیو سیکو)

☆...... اطمینان قدرتی دولت ہے، بے اطمینانی جعلی سکے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اعتماد ...... بے اعتمادی

☆ ...... پرانی لکڑی جلانے کے لیے پرانے دوست اعتماد کے لیے اور پرانے مصنف مطالعہ کے لیے بہترین ہیں۔ (عمر خیام)

☆ ...... اعتماد اس پرندے کی طرح ہے جو صبح کاذب میں ہی روشنی کے احساس سے چہچہانے لگتا ہے۔ (ٹیگور)

☆ ...... اعتماد محبت کی پہلی سیڑھی ہے۔ (پریم چند)

☆ ...... ہم اعتماد کے سہارے چلتے ہیں، بینائی کے سہارے نہیں۔ (بائبل)

☆ ...... جس شے کا وجود نہیں اسے ہم اعتماد سے پیدا نہیں کر سکتے۔ (ٹینی سن)

☆ ...... اعتماد ہی زندگی کی متحرک قوت ہے۔ (ٹالسٹائی)

☆ ...... بے اعتمادی سے کام کرنا اندھے کنویں میں گرنا ہے۔ (گاندھی)

☆ ...... صرف اعتماد ہی ہمارا حقیقی رہبر ہے جو ہمیں اپنی منزل پر پہنچا دیتا ہے۔ (سویٹ مارڈن)

☆ ...... اعتماد سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں ہے، علاج تو محض ایک بہانہ ہے۔

☆ ...... جو ایک بار اعتماد شکنی کر چکا ہو پھر اس پر کبھی اعتماد نہ کرو۔ (شیکسپیئر)

☆ ...... اعتماد شکنی سے بچنے کی کوئی ترکیب نہیں۔ (ایک کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اعمال

☆ ...... اعمال کا دارومدار صرف نیتوں پر ہے۔ (صحیح بخاری)

☆ ...... ''آنریبل'' کہنے سے کوئی شخص باعزت نہیں بنتا، بلکہ اعمال اسے باعزت بناتے ہیں۔ (لیاقت علی خان)

☆ ...... اعمال کی آواز الفاظ سے بلند ہوتی ہے۔ (کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

افلاس یا غریبی

☆ ...... افلاس، میرا فخر ہے۔ (محمد رسول اللہ ﷺ)

☆ ...... اس انسان سے زیادہ کوئی مفلس نہیں ہے جس کے پاس صرف دولت ہے۔ (کہاوت)

☆ ...... مفلسی شرم نہیں ہے' لیکن مفلسی کی وجہ سے شرم سار ہونا شرم کی بات ہے۔ (کہاوت)

☆ ...... جو اب بھی ہنس سکتا ہے وہ مفلس نہیں۔ (ریمنڈ ہچکاک)

☆ ...... تاریخ کی سب سے بڑی شخصیت مفلس تھی۔ (ایمرسن)

☆ ...... دولت برائیوں پر پردہ ڈال سکتی ہے' لیکن اعلیٰ اوصاف افلاس میں ہی پناہ لیتے ہیں۔ (تھیوگنس)

☆...... غریب آدمی امیر کا اتنا محتاج نہیں جتنا امیر آدمی غریب کا' کیونکہ امیر کا کوئی کام غریب کے بغیر نہیں چل سکتا۔ (آسکر وائلڈ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

امن

☆...... امن کے لئے میں زمین کے آخری سرے تک جانے کے لئے تیار ہوں۔ (لیاقت علی خان)

☆...... امن کی فتح جنگی فتوحات سے کم اہم نہیں۔ (ملٹن)

☆...... اگر امن باعزت نہیں تو وہ امن نہیں کہلا سکتا۔ (برٹینڈرسل)

☆...... اونچی قیمت پر تو امن بھی خریدا جا سکتا ہے۔ (فرینکلن)

☆...... قیام امن کی خاطر جنگ کے لئے تیار رہنا بڑا ہی کارآمد حربہ ہے۔ (جارج واشنگٹن)

☆...... جب تک ایک انسان دوسرے انسان کی پیٹھ پر سوار ہے اس وقت تک دنیا میں امن وامان محض ایک خوب صورت خواب رہے گا۔ (ویکرنن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

امید

☆...... امید زندگی کا لنگر ہے' اس کا سہارا چھوڑ دینے سے انسانی کشتی

گہرے پانیوں میں ڈوب جاتی ہے۔ (لقمان)

☆ ...... امید باعمل انسان کی کنیز ہے۔ (گوئٹے)

☆ ...... میری رائے مانو! اپنی ناک سے آگے نہ دیکھا کرو' تمہیں ہمیشہ معلوم ہوتا رہے گا کہ اس کے آگے بھی کچھ ہے اور یہ احساس تمہیں پُرامید رکھے گا۔ (برنارڈ شا)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

انتقام

☆ ...... اگر کوئی کتا تمہیں کاٹے تو کیا تم بھی کتے کو کاٹو گے؟ (ہندوستانی کہاوت)

☆ ...... انتقام کا بھی انتقام لیا جائے گا۔ (جرمن کہاوت)

☆ ...... انتقام کی عمر سو برس کی ہوجائے تو بھی اس کے دانت دودھ کے رہتے ہیں۔ (اطالوی کہاوت)

☆ ...... انتقام کی پلیٹ ٹھنڈی کر کے کھا۔ (انگریزی کہاوت)

☆ ...... انتقام لینے سے انسان اپنے دشمن جیسا ہوجاتا ہے اور نہ لینے سے اس سے بدرجہا بہتر۔ (بیکن)

☆ ...... انتقام ایک غیر انسانی لفظ ہے۔ (سینکا)

☆ ...... دشمن کو معاف کردینا انتقام لینے کا سب سے بہتر طریقہ ہے۔

☆ ...... اپنے دشمن کے لئے اپنی بھٹی گرم نہ کر کہ وہ تجھے بھون ڈالے۔

(شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اندیشہ

☆ ...... اندیشے سے اندیشہ بڑھتا ہے اور اعتماد سے اعتماد۔ (ونوبا)

☆ ...... ہمارے اندیشے پرفریب ہیں اور ہمیں ان اچھائیوں سے محروم رکھتے ہیں جنہیں ہم کوشش کر کے حاصل کر لیتے ہیں۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

انسان

☆......تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں، حرص۔ حسد۔ اور غرور۔ (امام غزالی)

☆ ...... انسان کو چار چیزیں بلند کرتی ہیں' علم، حلم، کرم اور خوش کلامی۔ (بایزید بسطامی رحمہ اللہ)

☆ ...... کتنا برا ہے وہ انسان جو اس بات کی پرواہی نہ کرے کہ لوگ اسے دیکھ رہے ہیں۔ (ارسطو)

☆ ...... کتنا خوش قسمت ہے وہ انسان جس کی زندگی کا انجام اس کے آغاز جیسا ہو۔ (ابن رشد)

☆ ...... کردار، اخلاقی جرأت اور استقلال یہ تین ستون ایسے ہیں جن پر انسانی زندگی کی ساری عمارت کھڑی ہے۔ (محمد علی جناح)

☆ ...... انسان سے برتر واعلیٰ کائنات میں کوئی شے نہیں ہے۔ (گورکی)

☆ ...... دنیا میں صرف دو انسان ہی ایسے ہیں جو انسان کہلانے کے حق دار ہیں ایک وہ جو مر چکا ہے اور دوسرا وہ جو ابھی پیدا نہیں ہوا۔ (چینی کہاوت)

☆ ...... دنیا عجائب سے بھری ہوئی ہے' لیکن انسان سے بڑا عجوبہ اور کوئی نہیں۔ (سوفوکلس)

☆ ...... انسان کا شیطان بن جانا اس کی شکست ہے' انسان کا عظیم انسان ہونا اس کا معجزہ ہے اور انسان کا انسان ہونا اس کی فتح ہے۔ (رادھا کشن)

☆ ...... انسان کو گناہ گار کہنا بذات خود ایک گنا ہے۔ (وویکا نند)

☆ ...... اس خیال سے میں بے حد غمگین ہوں کہ انسان نے انسان کو کیا بنا ڈالا ہے۔ (وڈز ورتھ)

☆ ...... صرف انسان ہی روتا ہوا پیدا ہوتا ہے' شکایتیں کرتا ہوا جیتا ہے اور ناکام مرتا ہے۔ (والٹرٹمپل)

☆ ...... انسان جب حیوان بن جاتا ہے تو اس وقت وہ حیوان سے بھی بدتر ہوتا ہے۔ (ٹیگور)

☆ ...... انسان آنسوؤں اور مسکراہٹوں کے درمیان لٹکا ہوا پنڈولم

ہے۔ (بائرن)

☆...... انسان کا لفظ صرف مردوں کے لیے مخصوص کر دینا ہماری تہذیب کا شرم ناک جرم ہے۔ (فیروز آ نشید)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

انسانیت

☆...... مہذب قومیں کبھی انسانیت اوراخلاق کے لبادے کو تار تار کر کے حیوانیت میں تبدیل نہیں ہوا کرتیں۔ (محمد علی جناح)

☆...... انسان انسانیت سے کم تر ہے۔ (تھیوڈور پارکر)

☆...... یہ زیادہ عقل مندی کی بات ہے کہ ہم اس خدا کی باتیں کم کریں جسے ہم سمجھ نہیں سکتے (جیسے ہندوؤں کے لاتعداد خدا) اور انسانوں کی باتیں زیادہ کریں جنہیں ہم سمجھ سکتے ہیں۔ (خلیل جبران)

☆...... پرندوں کی طرح ہوا میں اڑنا اور مچھلیوں کی طرح پانی میں تیرنا سیکھنے کے بعد اب ہمیں انسانوں کی طرح زمین پر رہنا سیکھنا ہے۔ (رادھا کشن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

انصاف

☆...... انصاف کا موتی رحم کی سیپ میں ملتا ہے۔ (جرمن کہاوت)

☆...... انسان پر فرض ہے کہ وہ فراخ دل بننے سے پہلے تیاگی بنے۔ (ڈکنس)

☆...... جب سے مجھے پتا چلا ہے کہ مخمل کے گدّے پر سونے والوں کے خواب ننگی زمین پر سونے والوں کے خوابوں سے مختلف نہیں ہوتے، تب سے خدائی انصاف پر مجھے پورا اعتماد ہو گیا ہے۔ (خلیل جبران)

☆...... انصاف کی بات کہنے کے لیے کوئی وقت بھی نامناسب نہیں۔ (سوفوکلس)

☆...... انصاف میں تاخیر کرنا بے انصافی کو قبول کرنا ہے۔ (گلیڈسٹون)

☆...... خدا کی چکی آہستہ چلتی ہے لیکن باریک پیستی ہے۔ (کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

انقلاب

☆...... انقلاب کی ناکامی کوئی جرم نہیں لیکن اس ناکامی کے اسباب کو عوام سے چھپانا ناقابلِ معافی جرم ہے۔ (لینن)

☆...... انقلابات لائے نہیں جاتے بلکہ وہ از خود وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ (وینڈل فلپس)

☆...... انقلابات چھوٹی چھوٹی باتوں سے متعلق نہیں ہوتے بلکہ چھوٹی چھوٹی باتوں سے پیدا ہوتے ہیں۔ (ارسطو)

☆...... اصلاح تو خامیوں کی ہوتی ہے انقلاب کا مطلب ہے تبدیلی قوت۔ (ولورلٹن)

☆...... انقلاب تو کھاد اور کوڑے کے اس بدبودار ڈھیر کی طرح ہے جس میں سے اعلیٰ ترین پھول اور سبزیاں کھلتی ہیں۔ (نپولین)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

اہمیت

☆...... نسل، رنگ اور اتفاقات کے باعث کوئی انسان ممتاز نہیں بن جاتا بلکہ ممتاز وہ ہوتے ہیں جن کے دل و دماغ ممتاز ہوں۔ (انگرسن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ایثار

☆...... ایثار سے گناہ کی اصل رقم ادا ہوتی ہے اور دان سے گناہ کا سود۔ (ونوبا)

☆...... ایثار یہ نہیں ہے کہ موٹے اور کھردرے کپڑے پہن لیے جائیں اور سوکھی روٹی کھا لی جائے۔ بلکہ ایثار یہ ہے کہ اپنی خواہشات، حسرتوں اور تشنگیوں کو جیتا جائے۔ (سفیان ثوری)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ایمان یا ایمان داری

☆...... کسی کے ایمان کا اندازہ اس کے وعدوں سے لگاؤ۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... ہم ایسی چیزوں پر زیادہ پختہ ایمان رکھتے ہیں جن کے متعلق ہمارا علم کم ہو۔ (امام ترمذی رحمہ اللہ)

☆...... سچائی اور ایمانداری سگی بہنیں ہیں۔ (ایمرسن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بدگوئی

☆...... پیٹھ پیچھے برائی کرنا ایسے ہے جیسے اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانا۔ (قرآن حکیم)

☆...... ہر کسی کی بدگوئی سن لو، لیکن اپنا فیصلہ محفوظ رکھو۔ (شیکسپیئر)

☆...... جو تیرے سامنے اوروں کی برائی کرتا ہے وہ اوروں کے سامنے تیری بھی برائی کرتا ہے۔ (شیخ سعدی رحمہ اللہ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

برائی

☆...... دو برائیوں میں سے چھوٹی برائی پسند کرو۔ (یورپین کہاوت)

☆...... بری آنکھ اچھا نہیں دیکھ سکتی۔ (ڈینش کہاوت)

☆...... بری باتوں کو بھول جانا چاہیے، بری باتوں کو ہی دیکھتے رہے تو

انسان حیوان بن جاتا ہے۔ (ونوبا)

☆...... بہت برا ہے وہ آدمی جس سے آدمی ڈریں۔ (عربی کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

برتاؤ یا سلوک

☆...... بدترین گھر وہ ہے جس میں یتیم سے بدسلوکی جاری ہو۔ (ابن ماجہ)

☆...... برتاؤ ایک آئینہ ہے جس میں ہر شخص اپنا عکس دیکھ سکتا ہے۔ (گوئٹے)

☆...... دوسروں کے ساتھ ویسا سلوک ہرگز نہ کرو جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ کوئی تمہارے ساتھ نہ کرے۔ (کنفیوشس)

☆...... مرد اصول بنایا کرتے ہیں اور عورتیں برتاؤ۔ (ڈی، سیگر)

☆...... جو بات اصولاً غلط ہے وہ عملی طور پر کبھی صحیح نہیں ہو سکتی۔ (ڈاکٹر راجندر پرشاد)

☆...... برتاؤ لباس کی مانند ہونا چاہیے جو تنگ نہ ہو بلکہ ایسا ہو جس میں آسانی سے حرکت اور کسرت ہو سکے۔ (بیکن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

برداشت

☆...... برداشت زندگی کا اصول ہے۔ (گاندھی)

☆...... جو لوگ چپ چاپ سب کچھ برداشت کر لیتے ہیں، ان کے بارے میں طے ہے کہ ان کا دل زخم خوردہ ہوتا ہے۔ (ٹیگور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بزدلی

☆...... ظلم اور خوف دونوں بزدلی کی علامتیں ہیں۔

☆...... ظالم اور مظلوم میں تمیز کرنے سے انکار کرنا بزدلی اور امنِ عامہ کے منافی ہے۔ (برٹینڈ رسل)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بندھن

☆...... عزیز چیزوں سے ہی غم پیدا ہوتا ہے اور عزیز چیزوں سے خوف، جو عزیز چیزوں کے بندھن سے آزاد ہے، اسے غم ہے، نہ خوف۔ (گوتم بدھ)

☆...... اربابِ ستم، ابھی تک ایسی بیڑیاں ایجاد نہیں کر سکے جو انسانی دماغ کو جکڑ سکیں۔ (کالی ٹن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بہادری

☆ ...... بہادری مارنے میں نہیں مرنے میں ہے۔ کسی کی عزت بچانے میں ہے' عزت گنوانے میں نہیں۔ (گاندھی)

☆ ...... خود اعتمادی سے بہادری یقینی طور پر کامیاب ہوتی ہے۔

☆ ...... خوف پر روح کی شاندار فتح کا نام بہادری ہے۔ (ایمئل)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بھلائی

☆ ...... دوسروں کا بھلا کرتے وقت یقین رکھو کہ تم اپنا بھلا کر رہے ہو۔ (فارابی)

☆ ...... بھلائی رہ جاتی ہے' اس کے علاوہ سب کچھ تباہ ہو جاتا ہے۔ (کہاوت)

☆ ...... جو دوسروں کی بھلائی کرنا چاہتا ہے، اس نے کرنے سے پہلے ہی اپنی بھلائی کر لی۔ (کنفیوشس)

☆ ...... اگر تم کوئی بھلائی کا کام کرنا چاہتے ہو تو ابھی کرو۔

☆ ...... بھلائی میں ہر قسم کے علوم مضمر ہیں۔ (یوروپڈیز)

☆ ...... بھلائی کی خواہش برائی کی خواہش کو دبا دیتی ہے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆ ...... تم بھلے رہو اور دنیا تمہیں برا کہے یہ بہتر ہے' بجائے اس کے

کہ تم برے رہو اور دنیا تمہیں اچھا کہے۔

☆...... نہ تمہاری دولت تمہیں رب تعالیٰ کے نزدیک لا سکتی ہے نہ تمہاری اولاد۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو وہی جا سکتا ہے جو بات مان لے اور بھلائی کرے۔ (محمد رسول اللہ ﷺ)

☆...... جس طرح ایک چھوٹے سے دیے کی روشنی بہت دور تک پھیلتی ہے، اسی طرح اس بری دنیا میں بھلائی دور تک چمکتی ہے۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بھوک

☆...... جب پیٹ خالی ہوتا ہے تو جسم روح بن جاتا ہے اور جب وہ بھرا ہوتا ہے تو روح جسم بن جاتی ہے۔ (شیخ سعدی)

☆...... بھوک اور افلاس کی وجہ پیداوار کی کمی نہیں بلکہ اس کی غلط تقسیم ہے۔ (آرنلڈ)

☆...... بھوک سے مرنے کی بہ نسبت تلوار سے مرنا ہزار درجہ بہتر ہے۔ (السپ)

☆...... انسان کو ناامیدی سے کہیں زیادہ بھوک نامرد بنا دیتی ہے۔ (میری رینالڈ)

☆ ...... بھوک کو عقل کا حکم ماننا چاہیے۔ (سسرو)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بھیک

☆ ...... حقیر سے حقیر پیشہ اختیار کرنا ہاتھ پھیلانے سے بدرجہا بہتر ہے۔ (سیدنا عثمان t)

☆ ...... تندرست آدمی کو بھیک دینا ناانصافی ہے۔ (ونوبا)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بے انصافی

☆ ...... بے انصافی برداشت کرنے سے خود بے انصافی کرنا زیادہ اچھا ہے' کوئی بھی شخص اس بات کو قبول نہیں کرے گا۔ (ارسطو)

☆ ...... بے انصافی برداشت کرنے والا بھی مجرم ہوتا ہے' اگر اسے برداشت نہ کیا جائے تو کوئی بھی شخص کسی سے بے انصافی نہیں کر سکے گا۔

☆ ...... بے انصافی کو مٹاؤ لیکن اپنے آپ کو مٹا کر نہیں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بیداری

☆ ...... بھوکا ننگا مزدور جب جبر اور ظلم کے خلاف اٹھ کھڑا ہوتا ہے تو

بڑے بڑے کج کلاہوں کے تاج اس کی ٹھوکروں کی زد میں ہوتے ہیں۔(رسل)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

پاکیزگی

☆...... جسم پانی سے پاکیزہ ہوتا ہے' ذہن علم سے اور روح مذہب سے۔ (منو)

☆...... پاک وہ نہیں ہیں جو اپنا جسم دھو کر بیٹھ جاتے ہیں' پاک وہ ہیں جن کے اندر رب رہتا ہے۔(رنا تک)

☆...... پاکیزگی دنیا کی خواہشات پر لات مارنے سے ہوتی ہے۔ (سیدنا علی t)

☆...... پاکیزگی وہ دولت ہے جو محبت کی افراط سے حاصل ہوتی ہے۔ (ٹیگور)

☆...... تمام پاکیزگیوں میں پیسے کی پاکیزگی سب سے ارفع ہے کیونکہ پاک وہی ہے جو پیسے کو ایمان داری سے کماتا ہے، وہ نہیں جو خود کو مٹی اور پانی سے پاک کرتا ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

پچھتاوا یا ندامت

☆...... اب پچھتائے کیا ہو جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ (کہاوت)

☆...... ندامت دل کا درد ہے اور پاک وصاف زندگی کا طلوع۔ (شیکسپیئر)

☆...... اصلاح کے بغیر ندامت ایسی ہی ہے جیسے سوراخ بند کیے بغیر جہاز میں سے پانی نکالنا۔ (پامر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

پرستش

☆...... اللہ کا قہر ان پر نازل ہو جو پیغمبروں کی قبروں کو پرستش کا مقام بنا لیتے ہیں۔ (محمد رسول اللہ ﷺ)

☆...... تم اللہ اور پیسے کی ایک ساتھ پرستش نہیں کر سکتے۔ (بائبل)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

پڑوسی

☆...... کوئی بھی اتنا امیر نہیں ہے کہ پڑوسی کے بغیر کام چلا لے۔ (ڈینش کہاوت)

☆...... جب تمہارے پڑوسی کے گھر میں آگ لگی ہو تو تمہاری اپنی جائیداد بھی خطرے میں ہے۔ (ہورلیس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

پیٹ

☆...... انسان کا سب سے بڑا دشمن اس کا پیٹ ہے۔(سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... دو آدمیوں کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا' طالب علم اور طالب مال کا۔ (امام غزالی رحمہ اللہ)

☆...... پیٹ بڑا پاپی ہے۔(کہاوت)

☆...... انسان اپنے آپ کو آسانی سے خدا کیوں نہیں سمجھ لیتا، اس کی اہم وجہ پیٹ ہے۔(نطشے)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

پیسہ

☆...... پیسہ عقل مند کی خدمت کرتا ہے اور بے وقوف پر حکومت۔ (کہاوت)

☆...... کیا تم جاننا چاہتے ہو کہ پیسہ کیا ہے؟ جاؤ کچھ قرض لے آؤ۔ (کہاوت)

☆...... مشکل وقت کے لیے پیسہ بچانا چاہیے، پیسے سے عورت کو بچانا چاہیے اور عورت اور پیسے سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے۔(دودھر)

☆...... روح یا ضمیر کی کسی بھی ضروری چیز کو خریدنے کے لیے پیسے کی ضرورت نہیں ہوتی۔(تھورو)

☆ ...... جو زیادہ پیسے والا ہے وہی زیادہ محتاج ہے۔ (شیخ سعدی)

☆ ...... امیر اور غریب کا فرق کس درجہ غیر فطری ہے' ایک ہی دن کی بھوک اور ایک ہی گھنٹے کی پیاس دونوں کو برابر کر دیتی ہے۔ (خلیل جبران)

☆ ...... جہاں پیسہ ہے وہاں شیطان ہے، جہاں پیسہ نہیں وہاں اس سے بھی بڑا شیطان ہے۔ (جرمن کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تاریخ

☆ ...... تاریخ انسان کے دل کی ترجمان ہے۔ (نپولین)

☆ ...... تاریخ انسانی حماقتوں، جرموں اور بدبختیوں کے رجسٹر کے علاوہ اور کچھ نہیں ہے۔ (گبن)

☆ ...... تاریخ کے تجربوں سے ہم سبق نہیں لیتے، اس لیے تاریخ، ہمیشہ اپنے آپ کو دہراتی رہتی ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تبدیلی یا تغیر

☆ ...... کوئی چیز اپنی حالت پر برقرار نہیں رہ سکتی۔ (عربی کہاوت)

☆ ...... خود کو بدل دو قسمت خود بخود بدل جائے گی۔ (کہاوت)

☆...... ساکن سمندر کی لہریں بھی متحرک ہیں۔ (ٹیگور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تجربہ

☆...... تجربے کے بغیر کتابی علم اندھا ہے۔ (وویکانند)

☆...... دوسروں کے تجربوں کو جان لینا بھی آدمی کے لیے ایک تجربہ ہے۔

☆...... اگر کوئی صرف تجربوں سے دانش مند بن جاتا تو لندن کے عجائب گھر کے پتھر اتنی مدت کے بعد دنیا کے بڑے بڑے دانش مندوں سے بھی زیادہ دانش مند ہوتے۔ (برنارڈ شا)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تحفہ

☆...... جو شخص کسی کا تحفہ قبول کر لیتا ہے وہ خود کو بیچ دیتا ہے۔ (اطالوی کہاوت)

☆...... جن تحفوں کی آدمی امید لگائے رہتا ہے وہ نذر نہیں کیے جاتے۔ (فرینکلن)

☆...... دشمن کو بطور تحفہ دینے کے لیے بہترین چیز ہے معافی۔ مخالف کو

قوت برداشت، دوست کو دل، بچے کو اعلیٰ مثال، باپ کو احترام، ماں کو ایسا اخلاق جس سے وہ تم پر فخر کر سکے، خود کو شہرت اور بنی نوع انسان کو بھلائی۔ (بالفور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تخیل

☆...... شاعرانہ تخیل ایک ذریعہ ہے' اس حقیقت کی طرف توجہ دلانے کا کہ لذت حیات ''انا'' کی انفرادی حیثیت، اس کے اثبات و استحکام اور توسیع سے وابستہ ہے۔ (اقبال)

☆...... تخیل پوری دنیا پر حکومت کرتا ہے۔ (نپولین)

☆...... پاگل، عاشق اور شاعران کے تخیلات ایک جیسے ہوتے ہیں۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تذبذب

☆...... جب میں اس تذبذب میں پڑ جاتا ہوں کہ کروں یا نہ کروں تو میں ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے لگتا ہوں۔ (نیلسن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ترقی

☆...... ترقی کے در پر ہیں اپنی لیاقت اور دوسروں کی حماقت۔ (سقراط)

☆...... ہماری ترقی کی راہ میں محض عمل اور تدبر ہی سے مدد مل سکتی ہے۔ (محمد علی جناح)

☆...... وسیع القلبی ہی ترقی کی بنیاد ہے۔ (جواہر لال نہرو)

☆...... اگر ایک شخص کی ترقی ہوتی ہے تو اس کے ساتھ پوری دنیا کی ترقی ہوتی ہے، اسی طرح کسی شخص کے تنزل سے پوری دنیا کا تنزل ہوتا ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تعریف یا خوشامد

☆...... دوسرے کی تعریف دراصل اس بات کا اعلان ہے کہ وہ آپ سے بعض باتوں میں ملتا جلتا ہے۔ (فارانی)

☆...... کسی کی خوبیوں کی تعریف کرنے میں اپنا وقت مت برباد کرو۔ اس کی خوبیوں کو اپنانے کی کوشش کرو۔ (کارل مارکس)

☆...... ایک احمق دوسرے احمق کی تعریف کرتا ہے۔ (جرمن کہاوت)

☆...... چاپلوسی کرنا بہت سے لوگ جانتے ہیں لیکن تعریف کرنا کسی کسی کو آتا ہے۔ (وینڈل فلپس)

☆...... ہم تعریف، امید اور محبت کے سہارے جیتے ہیں۔ (وڈزورتھ)

☆ ...... آپ ہر شخص کا کردار بتا سکتے ہیں۔ اگر آپ دیکھیں کہ وہ تعریف سے کس طرح متاثر ہوتا ہے۔ (سینیکا)

☆ ...... دشمن کی طرف سے کی گئی تعریف اعلیٰ ترین شہرت ہے۔ (طامس مور)

☆ ...... انہیں وفادار نہ مان جو ہر قول وفعل کی تعریف کریں بلکہ انہیں مان جو تمہاری خامیوں کی شیریں تنقید کریں۔ (سقراط)

☆ ...... خوشامد کرنے والا اور سننے والا دونوں پست ہیں' ایک دوسرے کو دھوکا دیتے ہیں۔ (راس ولیلیس)

☆ ...... جو شخص ایسی کوئی بات تم سے منسوب کرے جو تم میں نہیں ہے تو تم خبردار ہو جاؤ وہ ایسی بری بات بھی تم سے منسوب کرے گا جو تم میں نہیں ہے۔ (اقلیدس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تعلیم وتربیت

☆ ...... تعلیم کیا ہے؟ کیا کتابی علم؟ ہرگز نہیں! دنیا، انسان اور اس کے اعمال کی یگانگت کا نام ہی تعلیم ہے۔ (برک)

☆ ...... مٹی، پانی اور روشنی ان کے ساتھ پوری وابستگی رکھے بغیر جسم کی تعلیم وتربیت مکمل نہیں ہوتی۔ (ٹیگور)

☆ ...... تعلیم کا مقصد انسانی علم میں اضافہ کرنا ہی نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد انسانی ذہن کی تشکیل ہے۔ (ڈاؤیٹ)

☆ ...... تعلیم زندگی کے مختلف حالات کو نبھانے کی خوبی کا نام ہے۔ (جان ڈی ہون)

☆ ...... تعلیم انسان کی روح کے لیے وہی حیثیت رکھتی ہے جو سنگِ مرمر کے ٹکڑے کے لیے فنِ سنگ تراشی۔ (ایڈیسن)

☆ ...... دنیا میں جتنے قسم کے حصول ہیں، تعلیم ان میں سب سے بڑھ کر ہے۔ (کوی نزالا)

☆ ...... ایک مرد کو تعلیم دے کر آپ صرف ایک فرد کو تعلیم دیتے ہیں۔ ایک عورت کو تعلیم دے کر آپ ایک کنبہ کو تعلیم یافتہ بناتے ہیں۔ (میکلور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تکلیف

☆ ...... ہماری تکالیف ہمارے گناہوں کا کفارہ ہیں۔ (محمد رسول اللہ ﷺ)

☆ ...... ذلت اٹھانے سے تکلیف اٹھانا بہتر ہے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆ ...... آج کی تکلیف کا سامنا کرنے والے کے پاس آنے والی کل کی تکلیفیں آتے ہوئے گھبراتی ہیں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تنہائی

☆ ...... جو تنہائی میں خوش رہتا ہے وہ یا تو حیوان ہے یا فرشتہ۔

☆ ...... تنہائی احمق کے لئے قید خانہ ہے اور عالم کے لئے جنت۔

☆ ...... مجھے تنہائی سے بڑھ کر کوئی قابل ساتھی نہیں ملا۔ (تھورو)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

توہین

☆ ...... توہین آمیز زندگی سے موت بہتر ہے۔ (کہاوت)

☆ ...... توہین کا خوف قانون کے خوف سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ (پریم چند)

☆ ...... دھول خود توہین برداشت کر لیتی ہے اور بدلے میں پھولوں کا تحفہ دیتی ہے۔ (ٹیگور)

☆ ...... اپنی توہین و تذلیل اپنی زبان سے کبھی نہ کیجئے۔ اس موضوع پر بولنے کا حق آپ کے دوست ادا کریں گے۔ (ٹیلی رنڈ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

تہذیب

☆ ...... افراد کی طرح قومیں بھی زندہ رہتی ہیں اور مرجاتی ہیں' لیکن

تہذیب کبھی فنا نہیں ہو سکتی۔ (میزنی)

☆...... تہذیب کی سچی پرکھ ملک کی آبادی، عالی شان شہروں اور اچھی فصلوں سے نہیں ہوتی بلکہ کس قسم کے لوگ اس ملک میں پیدا ہوتے ہیں، اس بات سے ہوتی ہے۔ (ایمرسن)

☆...... ہماری تہذیب فقط قاتلوں (گولہ بارود اور زہر وغیرہ تیار کرنے والوں) کو ہی کروڑ پتی بناتی ہے۔ (فرنگ ویل)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ٹھوکر

☆...... ٹھوکر لگے اور درد ہو تبھی میں کچھ سیکھ سکتا ہوں۔ (گاندھی)

☆...... ٹھوکریں صرف دھول ہی اڑاتی ہیں، دھرتی سے فصل نہیں اگاتیں۔ (ٹیگور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جدائی

☆...... جس طرح سمندر میں بہتے ہوئے لکڑی کے دو ٹکڑے کبھی آپس میں مل جاتے ہیں اور پھر کچھ دیر بعد ایک دوسرے سے الگ ہو جاتے ہیں، اسی طرح میاں بیوی، اولاد، کنبہ اور پیسہ بھی مل کر الگ ہو جاتے ہیں' ان کی

جدائی ناگزیر ہے۔ (کالی داس)

☆ ...... ملنے کی مسرت' امید میں جدائی کا درد برداشت کرلیا جاتا ہے۔ (اگر ایسا نہ ہوتا تو جدائی کبھی برداشت نہ ہوتی)۔

☆ ...... جدائی محبت کو شیریں بنا دیتی ہے۔ (ہاویل)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جدو جہد

☆ ...... خواہشات کی جدو جہد علامت ہے اس بات کی کہ زندگی منظم ہونا چاہتی ہے۔ (خلیل جبران)

☆ ...... جدو جہد ہمیں زندگی میں آگے بڑھنے کی صحیح ترغیب دیتی ہے، جو لوگ جدو جہد سے گھبراتے ہیں انہیں چاہیے کہ جنگل کی راہ لیں۔

☆ ...... جدو جہد نہ کرنا محتاجی کا باعث ہوتا ہے۔ (لقمان)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جذبات

☆ ...... جذبات بچوں اور عورتوں کی چیز ہے۔ (نپولین)

☆ ...... انسان محبت، حسد یا خوف سے جس کسی میں پوری طرح اپنا دل لگا لیتا ہے وہ ویسا ہی ہو جاتا ہے۔ (کرشن)

☆...... ایسا کوئی کیمیا نہیں ہے جو شفتے کے جذبات سے سونے کا کردار پیدا کر دے۔ (سپنز)

☆...... کوئی بھی چیز بھلی یا بری نہیں ہوتی سمجھنے سے ہی ہو جاتی ہے۔ (شیکسپیئر)

☆...... کتنی افسوس ناک بات ہے کہ انسان کے سب سے حسین جذبات بھی پیسے سے وابستہ ہیں۔ (بالزاک)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جرم

☆...... جرم انسان کے چہرے پر لکھا رہتا ہے۔ (گاندھی)

☆...... مجرم ذہن شکوک کا اڈہ ہے۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جمہوریت

☆...... جمہوریت ایک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں بندوں کو گنا کرتے ہیں، تولا نہیں کرتے۔ (اقبال)

☆...... جمہوریت کا مطلب یہ ہے کہ اکثریت قانون بناتی ہے اور اسے نافذ کرتی ہے۔ (محمد علی جناح)

☆...... اسلامی جمہوریت ہر اس قانون اور فلسفۂ زندگی کو باطل قرار

دیتی ہے جس کو ضابطہ خداوندی سے ہٹ کر انسانوں نے وضع کیا ہو۔(محمد علی جناح)

☆...... جمہوریت کے لیے مساوات اور اخوت کی ضرورت ہے۔(محمد علی جناح)

☆...... سرمایہ دارانہ پارلیمنٹ یا جسے عام طور پر جمہوری حکومت کے نام سے پکارا جاتا ہے دراصل کیا ہے؟ ہر تیسرے، چوتھے، پانچویں یا ساتویں سال غریب اور بے کس عوام سے یہ دریافت کرنے کی گستاخی کرنا کہ سرمایہ داروں میں سے کون فرد تم پر حکومت کرنے اور تمہیں لوٹ کھسوٹ کا نشانہ بنایا کرے۔(کارل مارکس)

☆...... جمہوریت کی سادہ تعریف لوگوں کے ڈنڈے کو، لوگوں کے لیے لوگوں کی پیٹھ پر توڑنا ہے۔(آسکر اوائیلڈ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جنت

☆...... بہت سے لوگ جتنی محنت سے جہنم میں جاتے ہیں اس سے آدھی محنت سے جنت میں جا سکتے ہیں۔(ایمرسن)

☆...... موت کے بعد جنت میں رہنے کے لیے موت سے قبل بھی جنت میں رہنا ہوگا۔(وہائٹ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جنگ

☆...... جنگ وحشی انسانوں کا پیشہ ہے۔(نپولین)

☆...... جہاد خارجہ فتح کے لیے نہیں ہوتا وہ تو ہار کر بھی جیتنے کے لیے ہوتا ہے۔(ٹیگور)

☆...... اگر کسی ایک انسان کی جان لینا قتل کہلاتا ہے اور سوسائٹی کا قانون اس کے لیے سزائے موت تجویز کرتا ہے تو لاکھوں انسانوں کا بے دریغ خون بہانے اور کشتوں کے پشتے لگانے والا دردہ خصلت وحشی آدمی فاتح اور جرنیل کیسے کہلاتا ہے۔(پال رچرڈ)

☆...... جنگ کی ناگزیریت ختم کرنے کے لیے سامراج کو ختم کرنا لازمی ہے۔(سٹالن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جہالت

☆...... جہالت افلاس کی بدترین قسم ہے۔(حدیث)

☆...... عالم جہل کو جہالت سمجھتا ہے اور جاہل علم کو۔(امام شافعیؒ)

☆...... جہالت جیسا دشمن کوئی دوسرا نہیں ہے۔(چانکیہ)

☆...... جاہل رہنے سے پیدا نہ ہونا کہیں زیادہ بہتر ہے کیونکہ جہالت ہی تمام مصائب کی بنیاد ہے۔(پلیٹو)

☆...... جاہل شخص کے لیے خاموشی سے بہتر کوئی چیز نہیں اور اگر اس میں یہ سمجھنے کی توفیق پیدا ہو جائے تو وہ جاہل نہیں رہے گا۔ (شیخ سعدی رحمہ اللہ)

☆...... کہتے ہیں جہالت بے فکری کا گہوارہ ہے اور بے فکری راحت و آرام کا بستر! یہ قول ان لوگوں کے نزدیک صحیح ہے جو مردوں کی طرح پیدا ہوتے ہیں اور جمادات کی طرح زندگی بسر کرتے ہیں۔ (خلیل جبران)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جہنم

☆...... دو آنکھیں نار جہنم سے محفوظ رہیں گی۔ ایک وہ جو اللہ کے خوف سے روتی ہے اور دوسری وہ جو رات بھر جاگ کر اپنی سرحدوں کی پاسبانی کرتی ہے۔ (ترمذی)

☆...... موقع کا ہاتھ سے نکل جانا اور وقت گزر جانے کے بعد حقیقت کا علم ہونا ہی دراصل جہنم ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جھگڑا

☆...... جھگڑے میں کودنا بہت آسان ہے لیکن نکلنا بہت مشکل۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... لوگ مغز کی بجائے چھلکے پر زیادہ جھگڑتے ہیں۔ (جرمن کہاوت)

☆...... جب دو آدمی آپس میں جھگڑیں، سمجھ لو دونوں غلطی پر ہیں۔ (ڈچ کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

جھوٹ یا جھوٹا

☆...... اس نے بات کہی، میں نے مان لی، اس نے دہرائی تو مجھے شک پڑ گیا۔ اس نے قسم کھائی تو مجھے یقین ہو گیا کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔ (عمر خیام)

☆...... سچ کے ساتھ موت اس زندگی سے بہتر ہے جو جھوٹ کے بل پر قائم ہو۔

☆...... میں نے کتنے ہی چوروں، شرابیوں اور جواریوں کو تائب ہوتے دیکھا لیکن کسی جھوٹے کو سچ بولتے نہیں دیکھا۔ (یحییٰ برمکی)

☆...... تین آدمی تین سے محروم رہتے ہیں: جلد باز کامیابی سے، غضب ناک صحیح اقدام سے اور جھوٹا عزت سے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... جھوٹا سب سے پہلے اپنے آپ کو نقصان پہنچاتا ہے۔ (حسن بصری)

☆...... تھوڑا سا جھوٹ بھی انسان کو ملیامیٹ کر دیتا ہے، جیسے دودھ کو ایک بوند زہر۔ (گاندھی)

☆...... ایک جھوٹ چھپانے کے لیے دس جھوٹ بولنے پڑتے

ہیں۔ (کہاوت)

☆...... اگر جھوٹ بولنے سے کسی کی جان بچتی ہو تو جھوٹ گناہ نہیں، ثواب ہے۔ (پریم چند)

☆...... جھوٹے کی سزا یہ ہے کہ اس کا یقین نہیں کیا جاتا بلکہ وہ کسی پر یقین نہیں کر سکتا۔ (شیکسپیئر)

☆...... ذو معنی الفاظ بول کر کسی خاص لفظ پر زور دے کر یا آنکھ کے اشارے سے بھی جھوٹ بولا جاتا ہے۔ اس طرح کا جھوٹ صاف الفاظ میں بولے ہوئے جھوٹ سے کئی گنا برا ہے۔ (رسکن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

چاپلوسی

☆...... جب سچے اور سیدھے رویے کو دروازے سے باہر دھکیل دیا جاتا ہے تو چاپلوسی دیوان خانے میں آ بیٹھتی ہے۔ (انگریزی کہاوت)

☆...... چاپلوسی تین نفرت انگیز برائیوں کا مجموعہ ہے: جھوٹ، غلامی اور فریب کاری۔

☆...... چاپلوس لوگ ان بلیوں کی مانند ہیں جو سامنے سے چاٹتی ہیں اور پیچھے سے کھسوٹتی ہیں۔ (جرمن کہاوت)

☆...... چاپلوس اس لیے آپ کی چاپلوسی کرتا ہے کیونکہ وہ آپ کو بے

وقوف سمجھتا ہے لیکن آپ اس کے منہ سے ایسی تعریف سن کر پھولے نہیں سماتے۔ (ٹالسٹائی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

چالاکی

☆...... چالاکی درباریوں کے لیے وصف ہے' درویشیوں کے لیے خامی۔ (شیخ سعدی رحمہ اللہ)

☆...... سب سے بڑی چالاکی یہ ہے کہ کوئی چالاکی نہ کی جائے۔ (فرانسیسی کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

چوری

☆...... خدا نے انسان کو محنت کر کے کھانے کے لیے بنایا اور کہا کہ جو محنت کیے بغیر کھاتے ہیں، وہ چور ہیں۔ (گاندھی)

☆...... بڑے چور چھوٹے چوروں کو پھانسی پر لٹکاتے ہیں۔ (کہاوت)

☆...... جو میرا پیسہ چراتا ہے وہ میری سب سے حقیر چیز لے جاتا ہے۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

چہرہ

☆...... خوب صورت چہرہ سب سے اچھا تعریف نامہ ہے۔ (رانی الزبتھ)

☆...... اگر تمہارا چہرہ مسکرانا چاہتا ہے تو اسے مسکرانے دو نہیں چاہتا تو اسے مسکرانے پر مجبور کرو۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حالات

☆...... پیدائشی طور پر نہ کوئی بے قصور ہے نہ قصور وار، حالات ہی آدمی کو ان میں سے ایک بناتے ہیں۔ (پریم چند)

☆...... اگر تم کسی گول چھید میں جا پڑو تو تمہیں خود کو گیند بنا لینا چاہیے۔ (ایلٹ)

☆...... انسان کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ جتنا ممکن ہو وہ خارجی حالات پر قابو پائے اور جتنا کم سے کم ممکن ہوا نہیں اپنے اوپر قابو پانے دے۔ (گوئٹے)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حب الوطنی

☆...... جب تک تم بنی نوع انسان میں سے حب الوطنی نام کی چیز نہیں نکال پھینکو گے تب تک دنیا میں کبھی امن قائم نہیں کرسکو گے۔ (برنارڈ شا)

☆...... اگر حب الوطنی کا مطلب بنی نوع انسان کی خیر خواہی نہیں ہے تو

وہ بالکل بے معنی چیز ہے۔ (گاندھی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حسد یا حاسد

☆ ...... حسد نیکیوں کو اس طرح نگل جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو۔

(محمد رسول اللہ ﷺ)

☆ ...... آپ ہر دشمن کو راضی کر سکتے ہیں، لیکن حاسد کو راضی کرنے کی صرف ایک ہی صورت ہے کہ آپ خود تباہ ہو جائیں۔ (سیدنا امیر معاویہؓ)

☆ ...... حریص اور حاسد کبھی چین نہیں پاتے۔ (رابعہ بصری)

☆ ...... صرف گونگے بہرے ہی باتونیوں سے حسد کرتے ہیں۔ (خلیل جبران)

☆ ...... حاسد کو موت ایسا دکھ بھوگنا پڑتا ہے۔ (دیدویاس)

☆ ...... حاسد کا سب سے بڑا دشمن اس کا حسد ہے۔ (تردولور)

☆ ...... حسد، حاسد کو مرنے سے پہلے مار دیتا ہے۔ (بقراط)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حسن یا خوب صورتی

☆ ...... سب سے بڑا حسن حسنِ اخلاق ہے۔ (اصمعی)

☆ ...... ہر لحظہ جو نیا دکھائی دے وہی حسن کا بہترین نمونہ ہے۔ (ٹیگور)

☆ ...... خوش مزاجی ہمیشہ خوب صورتی کی کمی کو پورا کر دیتی ہے' لیکن

خوب صورتی خوش مزاجی کی کمی کو پورا نہیں کر سکتی۔ (ایڈیسن)

☆ ...... حسن بناؤ سنگھار کے بغیر ہی دل کو موہ لیتا ہے۔ (شیخ سعدی)

☆ ...... جو خود خوب صورت ہے، اس کی خوب صورتی میں کسی دوسری چیز سے اضافہ نہیں ہوتا۔ (کالی داس)

☆ ...... خوب صورتی کی تلاش میں ہم چاہے پوری دنیا کا چکر لگا آئیں۔ اگر وہ ہمارے اندر نہیں ہے تو کہیں نہیں ملے گی۔ (ایمرسن)

☆ ...... سب سے پرکشش سمندر ہے جسے ہم میں سے کسی نے نہیں دیکھا، سب سے حسین دن وہ ہیں جو ابھی ہم نے گزارے نہیں، سب سے پیاری باتیں وہ ہیں جنہیں ہونٹ ابھی تک تم سے نہیں کہہ سکے۔ (ناظم حکمت)

☆ ...... حسن ایک جال ہے جس سے عقلوں کا شکار کیا جاتا ہے۔ (ملکس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حفاظت

☆ ...... صبر و استقلال سے کام لے کر تمام حفاظتی قوتوں سے اپنی حفاظت کرو۔ (دیدبانی)

☆ ...... مصیبت کے لیے پیسہ بچانا چاہیے، پیسے سے عورت کو بچانا چاہیے اور عورت اور پیسے سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے۔ (چانکیہ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حق

☆ ...... حق پر استوار رہو، خواہ یہ تمہارے نفس کے خلاف ہو۔ (حدیث)

☆ ...... حق جتانے سے حق ثابت نہیں ہو جاتا۔ (ٹیگور)

☆ ...... دنیا میں سب سے بڑا حق خدمت اور ایثار سے پیدا ہوتا ہے۔ (پریم چند)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حکومت

☆ ...... پھوٹ ڈالو اور حکومت کرو۔ (برطانوی کہاوت)

☆ ...... میں یہ کبھی نہیں سمجھ پایا کہ کوئی سمجھ دار انسان دوسروں پر حکم چلا کر کس طرح لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ (جیفرسن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حلم یا انکسار

☆ ...... بڑوں کو چھوٹا بن کر رہنا چاہیے، کیونکہ جو اپنے آپ کو بڑا مانتا ہے وہ چھوٹا بنایا جاتا ہے اور جو چھوٹا بنتا ہے وہ بڑا مرتبہ حاصل کرتا ہے۔ (عیسیٰ علیہ السلام)

☆ ...... اگر علم حاصل کرنا چاہتے ہو تو انکساری سے کام لو اور جب علم حاصل کر لو تو اور بھی منکسر ہو جاؤ۔ (دی وائس آف سائی لینس)

☆...... حلم اور خدا کے خوف سے عزت ملتی ہے۔ (سیدنا سلیمان علیہ السلام)

☆...... میرا یقین ہے کہ صحیح قسم کے عظیم انسان کی پہلی پہچان اس کا حلم ہے۔ (رسکن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حماقت یا بے وقوفی

☆...... حماقت کے پر باز کے ہیں اور آنکھیں الو کی۔ (ڈچ کہاوت)

☆...... ایک کی حماقت سے دوسرے کی قسمت بنتی ہے۔ (لیکن)

☆...... بدقسمتوں کو دیکھو تم انہیں احمق پاؤ گے۔ (بیکن)

☆...... یہ میں مانتی ہوں کہ عادات کے مطابق چلنے میں اتنی حماقتیں نہیں ہوتیں جتنی دنیا کا لحاظ رکھ کر چلنے میں۔ (لیڈی میری مانی ٹیگیو)

☆...... جس شخص سے محبت کی جائے اس کے جسم پر شک وشبہ کرنا حماقت ہے۔

☆...... کارآمد چیز کو پھینک دینا اور نقصان دہ کو پکڑ لینا بس اسی کا نام حماقت ہے۔ (تر دولور)

☆...... ہر گدھا دیوار پھاندنے سے پیشتر خود کو ہرن تصور کرتا ہے۔ (گیومن)

☆...... ایک ہزار قابل انسانوں کے مرجانے سے اتنا نقصان نہیں ہوتا

جلنا، ایک بے وقوف صاحب اختیار ہونے سے۔ (سیدنا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حوصلہ

☆...... حوصلہ انسان کی خوش بختی کا پیمانہ ہے۔ (تردولور)

☆...... حوصلے سے بڑی اور کوئی طاقت نہیں ہے۔ (المکی)

☆...... دنیا کی تاریخ میں ہر اہم اور عظیم تحریک صرف حوصلے سے ہی کامیاب ہوتی ہے۔ (ایمرسن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خامی

☆...... تو دوسرے کی آنکھ کا تنکا کیوں دیکھتا ہے' اپنی آنکھ کا شہتیر دیکھ۔ (بائبل)

☆...... عام قسم کے لوگ اپنی خامیوں کے لیے دوسروں کو مورد الزام ٹھہراتے ہیں کم سمجھ بوجھ کے لوگ اپنے آپ کو اور سمجھ دار کسی کو نہیں۔ (اپے کٹیٹس)

☆...... کیا تم نے اس آدمی کے بارے میں نہیں سنا کہ وہ سورج کو اس لیے کوستا تھا کہ وہ اس کی سگریٹ نہیں جلاتا۔ (کارلائل)

☆...... ہر شخص کے ہاں ایک اچھے خاصے قبرستان کا ہونا بہت ضروری ہے تا کہ وہ وہاں اپنے دوستوں کے قصور دفن کر سکے۔ (ہنری وارڈ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خاموشی

☆...... خاموشی گفتگو کا حسن ہے۔ (بوعلی سینا)

☆...... خاموشی اعلیٰ ترین تقریر ہے۔ (گاندھی)

☆...... خاموشی کے پیڑ پر امن کا پھل لگتا ہے۔ (عربی کہاوت)

☆...... خاموشی میں الفاظ کی نسبت قوت گویائی زیادہ ہوتی ہے۔ (کارلائل)

☆...... خاموشی نیند کی مانند ہے کیونکہ یہ علم کو تازہ کر دیتی ہے۔ (بیکن)

☆...... خاموشی تعلیم کی علامت ہے۔ (کہاوت)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خدا (یا) اللہ

☆...... خدا ایک ہے اور وہ اتحاد کو پسند کرتا ہے۔ (رسول اللہ ﷺ)

☆...... اللہ کا خوف انتہائے دانش ہے۔ (سیدنا سلیمان علیہ السلام)

☆...... اللہ سے ڈرتا کہ دوسروں کا خوف نہ رہے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... عارف خدا کے قرب پر، عقل مند اللہ کے حکم پر اور گناہ گار اس

کی رحمت پر گزر کرتے ہیں۔ (ابن زہر)

☆...... خدا شناسی سے خود شناسی دشوار تر ہے۔ (امام عسکری)

☆...... اللہ کا خوف انسانی خوف کو دور کرتا ہے۔ (بوعلی سینا)

☆...... اللہ کو راضی کر، وہ تجھے راضی کرے گا۔ (بسطامی)

☆...... اگر تم اللہ سے ڈرو گے تو تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور اگر غیر سے ڈرو گے تو اور کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکے گا۔ (طوسی)

☆...... اگر خدا نہیں ہے تو اس کی تخلیق کر لینا ضروری ہے۔ (والٹیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خدمت

☆...... تین باتوں کے نتائج تین! سکوت کا نتیجہ سلامت، تقویٰ کا عظمت اور خدمت کا سیادت۔ (نظام الملک)

☆...... خدمت سے خوش قسمتی حاصل ہوتی ہے۔ (شیخ سعدی رحمہ اللہ)

☆...... حقیقی محبت کا اظہار تعریف سے نہیں خدمت سے کیا جاتا ہے۔ (گاندھی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خواہشات

☆...... دانش منہ دکھائے تو خواہش غلام بن جاتی ہے، وہ پیٹھ دکھائے

تو انسان خواہش کا غلام بن جاتا ہے۔ (سقراط)

☆...... خواہشات ہی تمام دکھوں کی بنیاد ہیں۔ (گاندھی)

☆...... ہماری خواہشات زندگی نامی بھاپ کو قوس قزح کا رنگ دے دیتی ہیں۔ (ٹیگور)

☆...... کوئی خواہش یہاں تشنۂ تکمیل نہیں رہتی۔ (خلیل جبران)

☆...... اگر خواہش محض ہی گھوڑا بن سکتی تو ہر شخص گھڑسوار ہوتا۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خود اعتمادی

☆...... ہمارا نصب العین یقین محکم، ضبط وتحمل اور خود اعتمادی ہے۔ (محمد علی جناح)

☆...... خود اعتمادی کامیابی کا سب سے بڑا راز ہے۔ (ایمرسن)

☆...... اس بات کا اعتماد پیدا کرو کہ تم اس دنیا کے سب سے ضروری انسان ہو۔ (گورکی)

☆...... خود اعتمادی، خود شناسائی اور خود ضبطی، صرف یہ تین چیزیں انسانی زندگی کو کامل بنا دیتی ہیں۔ (ٹینی سن)

☆...... مجھے کرنا ہے' اس لیے کہ میں کر سکتا ہوں۔ (کانٹ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خودغرضی

☆ ...... خودغرضی ہی وہ قید خانہ ہے جو روح کو قید کرسکتا ہے۔ (ہنری دی ڈائک)

☆ ...... خودغرضی میں انسان پاگل ہو جاتا ہے۔ (پریم چند)

☆ ...... خودغرضی میں اچھائیاں اس طرح مدغم ہو جاتی ہیں، جیسے سمندر میں ندیاں۔ (روشے)

☆ ...... جو صرف اپنے لیے جیتا ہے وہ مردے کے برابر ہے۔ (وویکانند)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خوش حالی

☆ ...... پیسہ نہ بھی ہو تو بھی تندرستی، علم سچی دوستی اور آزاد انسان کی عظیم خوشحالیاں ہیں۔

☆ ...... خوش حال رتبے میں نہیں بلکہ اس شعور میں ہے کہ ہم اس کے قابل ہیں۔ (ارسطو)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خوش خلقی

☆ ...... جس طرح چمک کے بغیر موتی کسی کام کا نہیں ہوتا، اسی طرح خوش خلقی کے بغیر انسان کسی کام کا نہیں ہوتا۔

☆...... میں زندگی اور خوش خلقی دونوں کا خواہش مند ہوں' لیکن یہ دونوں اگر مجھے ایک ساتھ نہیں مل سکتیں تو میں زندگی پر خوش خلقی کو ترجیح دوں گا۔ (مینیس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

خیالات

☆...... خیال چاہے پرانا ہو اور بارہا پیش کیا جا چکا ہو لیکن بالآخر وہ اس کا ہے جو اسے خوب صورت انداز میں پیش کرے۔ (لاویل)

☆...... اپنے خیالات کو اپنا جیل خانہ نہ بناؤ۔ (شیکسپیئر)

☆...... افواج کے حملے کو روکا جا سکتا ہے لیکن خیالات کے حملے کو روکنا بڑا مشکل ہے۔ (روکٹر ہیوگو)

☆...... عظیم خیالات جب عمل کے سانچے میں ڈھل جاتے ہیں تو عظیم تخلیقات کا درجہ حاصل کر لیتے ہیں۔ (میزلٹ)

☆...... خیال سے زیادہ ٹھوس چیز پوری کائنات میں نہیں ہے۔ (ایمرسن)

☆...... وہ لوگ کبھی تنہا نہیں جن کے ساتھ خوب صورت خیالات ہیں۔ (پی سڈنی)

☆...... اچھے خیالات بے باک بچوں کی طرح اچانک اور یکا یک سامنے آ کھڑے ہوتے ہیں اور چلا چلا کر کہتے ہیں ''ہم یہاں ہیں ، ہم یہاں

ہیں"۔ (گوئٹے)

☆...... ☆...... ☆...... ☆...... ☆...... ☆...... ☆

خیرات یا دان

☆...... زکوۃ دے کر تمہیں خوش ہونا چاہیے کیونکہ مصیبت زکوۃ کی دیوار کبھی نہیں پھاندتی۔ (رسول اللہ ﷺ)

☆...... اعلیٰ انسان کی پہچان یہ ہے کہ اگر کوئی ان سے مانگے تو وہ منہ سے کچھ کہنے کے بجائے کام پورا کرتے ہی اس کا جواب دیتے ہیں۔ (کالی داس)

☆...... تمہارا دایاں ہاتھ جو کچھ دیتا ہے اسے بایاں ہاتھ نہ جاننے پائے۔ (حدیث)

☆...... سب سے اعلیٰ دان یہ ہے کہ آدمی کو اس قابل بنا دو کہ وہ دان کے بغیر کام چلا سکے۔ (تالمد)

☆...... دولت مندوں اور سرمایہ داروں کی خیرات اور چندے سے چلنے والی انجمنیں ہمیشہ دولت مندوں کی طاقت اور موجودہ سرمایہ دارانہ نظام کو قائم رکھنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ وہ غریبوں کو صبر و تحمل کی تبلیغ و تلقین سے انقلابی جذبات کو ٹھنڈا کرتی رہتی ہیں تا کہ سرمایہ دار بے خوف

وخطران کا خون چوستے رہیں۔ (برنارڈ شا)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

درویش

☆...... سب سے زیادہ ذلیل وہ درویش ہے جو دولت مند کی خوشامد کرے۔ (عبداللہ مغربی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دشمن، دشمنی

☆...... برے خیالات ہی ہماری مسرت، اطمینان اور فتح کے دشمن ہیں۔ (سویٹ ماڈرن)

☆...... دشمن اور مرض کی طرف سے لاپرواہی مت کرو۔

☆...... ہمارے جسمانی اعضا ہی ہمارے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ (شنکراچاریہ)

☆...... دشمنی کا خاتمہ دشمن کی زندگی کے ساتھ ہی ہو جاتا ہے۔ (پریم چند)

☆...... دشمن کی طاقت کا تصور اس کی اصل سے زیادہ انقلابی قوتوں کا تصور ان کی اصلی حالت سے کم کرنا زبردست غلطی ہوگی۔ (ماوزے تنگ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دعا

☆ ...... مظلوم کی بد دعا سے بچ کہ خدا اور مظلوم کے درمیان کوئی حجاب حائل نہیں ہوتا۔ (حدیث)

☆ ...... ہر شام سوچو کہ دن کے وقت تم سے کوئی بات اللہ کی رضا کے خلاف تو نہیں ہوئی' پھر سجدے میں گرو اور اگلے دن کو بہتر گزارنے کی دعا مانگو۔ (بوعلی سینا)

☆ ...... صبر سب سے بڑی دعا ہے۔ (گوتم بدھ)

☆ ...... اے خدا میری دعا ہے کہ میں اندر سے خوب صورت بنوں۔ (سقراط)

☆ ...... دعا اعتماد کی آواز ہے۔ (ہورن)

☆ ...... انسان جب دعا کرتا ہے تو چاہتا ہے کہ کچھ عجوبہ ہو جائے۔ (ترگنیف)

☆ ...... بارش کا اثر جسم پر اور اس کے ذریعے دل پر ہوتا ہے۔ دعا کا اثر دل کے ذریعے روح پر ہوتا ہے۔ (ونوبا)

☆ ...... دعا کے ذریعے کوئی چیز مانگتا ہے تو ایسی چیز کو مت مانگ جو فانی ہے۔ (ودیکانند)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دکھ

☆...... عجیب بات ہے کہ سکھ کی خواہش میرے دکھ کا ایک جز ہے۔
(خلیل جبران)

☆...... ایک بات جو میں روز روشن کی طرح عیاں دیکھتا ہوں وہ یہ ہے کہ دکھ کا سبب لاعلمی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ (وویکانند)

☆...... اگر انسان سے گناہ ہو بھی جائے تو وہ اسے دہرائے نہ' نہ اسے چھپائے اور نہ اس میں مگن ہو جائے' گناہ کا اندوختہ ہی تمام دکھوں کی بنیاد ہے۔ (گوتم بدھ)

☆...... دنیا کے دکھی لوگوں میں پہلا دکھی مفلس ہے۔ اس سے زیادہ دکھی وہ ہے جسے کسی کا قرض دینا ہو۔ ان دونوں سے زیادہ دکھی وہ ہے جو ہمیشہ بیمار رہتا ہو اور سب سے زیادہ دکھی وہ ہے جس کی بیوی بدکار ہو۔
(دور تیتی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دل

☆...... یہ عجیب بات ہے کہ بعض لوگ دن میں پانچ دفعہ منہ دھوتے ہیں لیکن دل کو پانچ سال میں ایک دفعہ بھی نہیں دھوتے۔ (ابراہیم ادہم)

☆...... انسان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ وہ اپنے دل اور

زبان کو قابو میں رکھے۔ (امام غزالی)

☆...... سخت کلامی سے ابریشم جیسے نرم دل بھی سخت ہو جاتے ہیں۔ (امام غزالی)

☆...... اگر خوب صورت چہرہ سفارشی خط ہے تو خوب صورت دل ضمانت نامہ۔ (بلور)

☆...... کس قدر اندھا ہے وہ شخص جو اپنی جیب سے دوسروں کا دل خریدنا چاہتا ہے۔ (خلیل جبران)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دماغ

☆...... کمزور جسم دل و دماغ کو بھی کمزور بنا دیتا ہے۔ (روس)

☆...... اعلیٰ دماغ کے سو ہاتھ ہوتے ہیں۔ (روسی کہاوت)

☆...... انسان کا دماغ ہی پوران انسان ہے۔ (نتی داکیہ)

☆...... ارادے کے بغیر تخلیق نہیں، دماغ کے بغیر ارادہ نہیں۔ (سانے گورد)

☆...... ہم اپنے دماغ کا استعمال بہتر ڈھنگ سے نہیں کر سکتے۔ اگر جسم اناج سے ٹھسا ٹھس بھرا ہوا ہو۔ (سسرو)

☆...... جس طرح کچی چھت میں پانی مرتا ہے۔ اسی طرح بے شعور دماغ میں خواہشات دھنستی ہیں۔ (دھمپد)

☆...... دل و دماغ کو مسرتوں کی آماجگاہ بناؤ' اس طرح ہزاروں نقصانات سے بچو گے اور لمبی عمر پاؤ گے۔ (شیکسپیئر)

☆...... ہاتھوں سے پہلے دماغوں کو مسلح کرنا ضروری ہے۔ (گورکی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دنیا

☆...... قرآن ایک ایسا دریچہ ہے جس سے ہم اگلی دنیا کو دیکھ سکتے ہیں۔ (امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ)

☆...... طالبِ دنیا اس پیاسے کی طرح ہے جو سمندر کے پانی سے پیاس بجھا رہا ہو، جتنا پیئے گا پیاس اتنی ہی بڑھے گی اور بالآخر ہلاک ہو جائے گا۔ (ابن رشد)

☆...... خوش بخت کو آخرت کا اور بدبخت کو دنیا کا غم ہوتا ہے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا آدمی ہو جو بلند منصب پر ہو کر مست، خواہشات کے پیچھے چل کر درماندہ اور بدکاروں سے مل کر نادم نہ ہوا ہو۔ (امام شافعی رحمہ اللہ)

☆...... دنیا میں اپنا پرایا کوئی نہیں، جو کسی کو اپنا سمجھتا ہے وہی اپنا ہے اور جو پرایا سمجھتا ہے وہ اپنا ہونے پر بھی پرایا ہے۔ (ٹیگور)

☆...... یہ دنیا ایک دلچسپ کتاب ہے لیکن جو اسے نہیں پڑھتا، اس کے

لیے یہ بے معنی ہے۔ (گولڈونی)

☆ ...... تمام ممکن دنیاؤں میں یہ دنیا اعلیٰ ترین ہے اور اس میں ہر چیز بہتری کے لیے ہے۔ (والٹئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دوستی

☆ ...... تونگروں کے ساتھ عالموں اور زاہدوں کی دوستی ریاکاری کی دلیل ہے۔ (سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ)

☆ ...... دوست وہ ہے جو مصیبت کے وقت کام آئے۔ (کہاوت)

☆ ...... میرے دوستو! دوست ہیں ہی نہیں۔ (ارسطو)

☆ ...... جو ذرا سی بات پر دوست نہ رہا وہ کبھی دوست تھا ہی نہیں۔ (پرتگالی کہاوت)

☆ ...... حقیقی دوست سے بڑھ کر کوئی آئینہ نہیں۔ (اسپینی کہاوت)

☆ ...... دوست بنانے سے پہلے اس کے ساتھ پانچ سیر نمک کھاؤ۔ (ہربرٹ)

☆ ...... جو دشمن بنانے سے خوفزدہ ہے، اسے کبھی سچے دوست نہیں ملیں گے۔ (ہیزلٹ)

☆ ...... ان سے کبھی دوستی نہ کر جو تجھ سے بہتر نہیں۔ (کنفیوشس)

☆ ...... زندگی میں اگر ایک دوست مل گیا تو بہت ہے' دو مل گئے تو بہت

زیادہ ہیں، تین تو مل ہی نہیں سکتے۔ (ہنری آوس)

☆...... دنیا میں صرف دوستی ہی ایک ایسی چیز ہے جس کی سود مندی کے بارے میں دو رائیں نہیں ہیں۔ (سسرو)

☆...... دوستی روح کی شاعری ہے۔

☆...... قدرت جانوروں تک کو اپنے دوست پہچاننے کی سوجھ بوجھ دے دیتی ہے۔ (کارنیل)

☆...... اپنے دوست کو خود کے لیے اور خود کو اپنے دوست کے لیے ستانہ بنا۔ (کارنیل)

☆...... جسے ایسے دوست کی تلاش ہے جس میں کوئی خامی نہ ہو' اسے کبھی دوست نہیں ملے گا۔ (ترکی کہاوت)

☆...... سچی محبت نایاب ہے، سچی دوستی اس سے بھی نایاب۔ (لافونٹین)

☆...... جو دوستی برابر کی نہیں ہوتی وہ ہمیشہ نفرت میں ختم ہوتی ہے۔ (گولڈسمتھ)

☆...... احمق سے دوستی کرنا ریچھ کو گلے لگانا ہے۔ (افغانی کہاوت)

☆...... مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ، دشمنوں سے بچنے کا انتظام میں خود کرلوں گا۔ (والٹیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دولت

☆...... بعض احمق اس غم میں گھلتے رہتے ہیں کہ اللہ نے فلاں کو دولت کیوں

دی۔ (امام غزالی)

☆...... اس دولت سے کوئی احمق ہی پیار کر سکتا ہے جو دنیا میں بدمست اور آخرت میں جہنم کا ایندھن بنا دے۔ (نظام الملک)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

دھوکہ

☆...... اگر کوئی شخص مجھے ایک بار دھوکہ دیتا ہے تو لعنت ہے اس پر اور اگر وہ شخص دوبارہ مجھے دھوکہ دیتا ہے تو لعنت ہے مجھ پر۔ (کہاوت)

☆...... عیار کو دھوکہ دینا عیاری نہیں ہے۔ (کہاوت)

☆...... مدھر بانی دھوکے بازی کی نشانی ہے۔ (کہاوت)

☆...... صاف گو آدمی دھوکہ باز نہیں ہوتا۔ (چانکیہ)

☆...... مجھے جتنی نفرت جہنم کے پھاٹکوں سے ہے۔ اتنی ہی اس شخص سے ہے جو دل میں ایک بات رکھ کر زبان پر دوسری لاتا ہے۔ (ہومر)

☆...... تمام دھوکوں میں پہلا اور بڑا دھوکہ اپنے آپ کو دھوکہ دینا ہے۔ (بیلی)

☆...... دھوکہ یا عیاری چھوٹے کمبل کے مانند ہے۔ اس سے سر چھپاؤ تو پیر ننگے ہو جاتے ہیں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ڈر یا خوف

☆ ...... جسے ہارنے کا خوف ہے وہ ضرور ہارے گا۔ (نپولین)

☆ ...... انسان جس سے کھاتا ہے اس سے محبت نہیں کرتا۔ (ارسطو)

☆ ...... جسے دکھ کا خوف ہے اسے خوف کا دکھ ہے۔

☆ ...... انسان ہی وہ جانور ہے جس سے میں بزدل کی طرح ڈرتا ہوں۔ (شیکسپیر)

☆ ...... خوف خطرے کو ٹالنے کی بجائے اسے بلا لیتا ہے۔

☆ ☆......☆......☆......☆......☆......☆

ذہانت

☆ ...... لگن کے بغیر کسی میں بھی عظیم ذہانت پیدا نہیں ہوسکتی۔ (ارسطو)

☆ ...... ذہانت کا لازمی جزو ہے برداشت۔ (ڈزرائیلی)

☆ ...... جب کوئی ذہین ہستی اس دنیا میں آتی ہے تو تم اس کو اس نشانی سے پہچان سکتے ہو کہ کند ذہن اپنا ایک گروہ بنا کر اس کی مخالفت کرنے لگتے ہیں۔ (سوئفٹ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

راز

☆ ...... تمہارا راز تمہارا قیدی ہے لیکن افشا کے بعد تم اس کے قیدی بن جاؤ

گے۔(سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... اگر کوئی تمہارا دوست تمہارا راز افشا کر دے تو قابل ملامت تم ہو نہ کہ وہ، تم نے اسے بتایا ہی کیوں تھا۔ (سیدنا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ)

☆...... ملازم سے اپنا راز کہنا' اسے ملازم سے مالک بنا دیتا ہے۔(ارسطو)

☆...... دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں۔ (فارسی کہاوت)

☆...... وہ شخص قابل اعتبار نہیں جو اپنا خفیہ صلاح کار نہیں۔(ہنری فورڈ)

☆...... اگر تم اپنے راز دشمن سے چھپا کر رکھنا چاہتے ہو تو اپنے کسی دوست سے ان کا ذکر نہ کرو۔ (فرینکلن)

☆...... ہر شخص بذات خود دنیا کا راز ہے۔ (جے سی پودس)

☆...... ایسا کوئی بھی راز نہیں جو کبھی نہ کبھی افشا نہ ہو۔ (لیوس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

راستہ

☆...... راستے سے پہلے رفیق تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔ (عربی کہاوت)

☆...... زندگی کے دشوار گزار راستے عورت کی رفاقت کے بغیر طے نہیں ہو سکتے۔ (گورکی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

رائے

☆......صرف اپنی رائے پر اعتماد کرنے والا ناکام رہتا ہے۔ (نظام الملک طوسی)

☆...... جب آئے دن تمہاری رائے بدلتی رہتی ہے تو پھر اپنی رائے پر بھروسا کیوں کرتے ہو۔ (بوعلی سینا)

☆...... مجھے ڈرائینگ روم اور دیوان خانوں میں بیٹھ کر بکواس کرنے والے سیاست دانوں کی رتی بھر پروا نہیں' میں تو صرف ایک ہی طبقہ کی رائے کی پروا کرتا ہوں اور وہ طبقہ ہے کسانوں کا۔ (نپولین بونا پارٹ)

☆...... کثرت رائے انصاف کا ہرگز ثبوت نہیں۔ (شیلر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

رجحان

☆...... ہمارا رجحان ہماری زندگی کی کسوٹی ہے اور ہماری انسانیت کی پہچان۔ (رسکن)

☆...... ہر آدمی کا رجحان ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ (کالی داس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

رحم

☆...... جس میں رحم نہیں اس میں کوئی خوبی نہیں۔ (رسول اللہ ﷺ)

☆...... کمینے کا سب سے بڑا احسان یہ ہے کہ وہ دکھ نہ دے۔ (سیدنا علیؓ)

☆...... عفو ورحم روح کی زکوٰۃ ہیں۔ (طرطوشی)

☆...... ہم سب خدا سے رحم کی دعا کرتے ہیں اور وہی دعا ہمیں دوسروں پر رحم کرنا بھی سکھاتی ہے۔ (شیکسپیئر)

☆...... جو کمزوروں پر رحم نہیں کرتا، اسے طاقت وروں کے مظالم برداشت کرنے پڑیں گے۔ (شیخ سعدی)

☆...... رحم کردار کو خوب صورت بناتا ہے۔ بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ وہ چہرے کو بھی خوب صورت بناتا ہے۔ (جیمس ایلن)

☆...... کتنے اوتار اور پیغمبر کتنے مذہب اور دھرم چل پڑے ہیں لیکن غموں سے گھری ہوئی اس دنیا کو صرف رحم دلوں کی ضرورت ہے۔ (ولکاکس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

رشوت

☆...... پوری دنیا میں ایک بھی قلعہ ایسا نہیں ہے جس میں سونے سے لدا ہوا اونٹ داخل نہ ہو سکے۔ (فلپ شاہ مقدونیہ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

رواداری

☆...... ایک رواداری فلاسفر کی ہے جس کے نزدیک سب مذاہب

سچے ہیں' ایک رواداری مؤرخ کی ہے، جس کے نزدیک سب مذاہب جھوٹے ہیں' ایک رواداری سیاسی مدبر کی ہے، جس کے نزدیک تمام مذاہب اس کی مطلب براری کے لیے یکساں مفید ہیں۔ (گبن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

روایت

☆...... اگر روایت اور ترکہ اسی کا نام ہے کہ پہلی نسل کی کامیاب باتوں پر آنکھیں بند کر کے عمل کیا جائے یا ڈرے سہمے انداز اس راستے پر چلا جائے تو پھر ایسی روایت کو یقینی طور پر مردہ قرار دینا پڑے گا۔ (ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

روزی، روزگار

☆...... روزگار وقت کا آلہ ہے۔ (نپولین)

☆...... اگر روزی عقل سے حاصل کی جاتی تو دنیا کے تمام بے وقوف بھوکے مر جاتے۔ (شیخ سعدی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ریاکاری

☆......ریاکاری کفر کی سخت ترین قسموں میں سے ایک ہے۔ (شاہ عبدالعزیز)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

زبان

☆...... زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے بہت زیادہ خطرناک ہے۔

(سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ)

☆...... زبان بند رکھو اور صرف ذکرِ الٰہی، استفادہ، تبلیغ، ادائے شکر، تلاوت اور تدریس کے وقت کھولو۔ (شیخ عبدالقادر جیلانی)

☆...... مجھے اس فرمانروا پر حیرت ہوتی ہے جو ایسے مواقع پر جہاں زبان سے کام نکل سکتا ہو، تلوار سے کام لے۔ (سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ)

☆...... عجلت کا نتیجہ ندامت ہے تحمل کا سلامت۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... زبان خیالات کا لباس ہے۔ (جانسن)

☆...... زبان ہمیں اس لیے عطا کی گئی تھی کہ ہم ایک دوسرے سے خوش آئند باتوں کا تبادلہ کرسکیں۔ (لودی)

☆...... زبان ایک شہر ہے جس کی تعمیر کے لیے ہر شخص ایک اینٹ لایا ہے۔ (ایمرسن)

☆...... زبان انسان کی عقل کے سہارے چلتی ہے، اس لیے جب کسی موضوع تک عقل نہیں پہنچ پاتی تو زبان ادھوری رہ جاتی ہے۔ (گاندھی)

☆...... تلوار کے وار کی نسبت زبان کا وار زیادہ گہرا ہوتا ہے۔

(کہاوت)

☆...... پرندے اپنے پاؤں کے باعث دام میں پھنستے ہیں اور انسان اپنی زبان کے باعث۔ (تھامس فلر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

زندگی

☆...... سورج کی روشنی سے کائنات کے بلند و پست نظر آتے ہیں اور حکمت کی روشنی سے زندگی کے بلند و پست۔ (عمر خیام)

☆...... زندگی ایک مسافر ہے جس کا آغاز مہد اور لحد ہے۔ اس سفر میں سال منازل، مہینے فرسنگ، ایام، سنگ ہائے میل اور ہر سانس ایک قدم ہے۔ (امام غزالی)

☆...... میرے ہاں زندگی کی سب سے بڑی لذت نیکی و عبادت کے تسلسل میں ہے۔ (گنج بخش)

☆...... شیر کی ایک دن کی زندگی، گیدڑ کی صد سالہ زندگی سے بہتر ہے۔ (فتح علی ٹیپو)

☆...... زندگی کا ایک لمحہ سونے کے کروڑ سکے دینے پر بھی نہیں ملتا۔ (چانکیہ)

☆...... زندگی کی تمام مسرتوں کا انحصار مناظرِ قدرت کی باقاعدگی پر ہے۔ (گوئٹے)

☆...... زندگی ایک غیر ملکی زبان ہے جس کا تلفظ ہر شخص غلط کرتا ہے۔

(کرسٹوفر مورے)

☆...... اگر تمہارے پاس دو پیسے ہوں تو ایک سے روٹی خریدو اور دوسرے سے پھول، روٹی تمہیں زندگی دے گی اور پھول تمہیں جینے کا فن سکھائے گا۔ (چینی کہاوت)

☆...... زندگی کی لو دوسروں سے قرض نہیں لی جا سکتی' اسے خود اپنی روح کے اندر روشن کرنے کی ضرورت ہے۔ (اقبال)

☆...... جیو اور جینے دو۔ (اسکاچ کہاوت)

☆...... جو اچھی طرح جیتا ہے وہ دوبارہ جیتا ہے۔ (لاطینی کہاوت)

☆...... کہیں ایسا نہ ہو کہ زندگی کی اچھی چیزیں، زندگی کی سب سے اچھی چیزوں کو تباہ کر دیں۔ (والٹیئر)

☆...... میں ہی آگ ہوں، میں ہی کوڑا کرکٹ، میری آگ میرے کوڑے کو جلا کر بھسم کر دے تو میں اچھی زندگی پاؤں گا۔ (خلیل جبران)

☆...... زندگی کسی کو دائمی جائیداد کی حیثیت سے نہیں ملی وہ تو صرف تجربے کے لیے ہے۔ (اکریٹس)

☆...... زندگی ایک پھول ہے محبت اس کا شہد۔ (وکٹر ہیوگو)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سختی

☆...... سختی اور نرمی باہم ملی ہوئی بہتر ہے جراح کی طرح زخم کرنے والا اور مرہم لگانے والا بن۔ (خسرو)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سزا

☆...... سزا ظالم کے لیے انصاف ہے۔ (آگسٹائن)

☆...... جرم کو سزا سے نہیں روکا جا سکتا۔ (رسکن)

☆...... مجرم کی سزا میں اصلاح کا عنصر ہونا چاہیے۔ کسی انسان کو صرف پھانسی دے دینا لا حاصل ہے۔ (والٹیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سفیر

☆...... سفیر اس ایمان دار شخص کو کہتے ہیں جسے سلطنت کی خاطر ہر روز جھوٹ بولنے کے لیے دوسرے ملک میں جلا وطن کر دیا گیا ہو۔ (ورٹن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سکھ

☆...... سکھ اور مسرت ایسے عطر ہیں جنہیں جتنا زیادہ آپ دوسروں پر

چھڑکیں گے اتنی ہی زیادہ خوشبو آپ کے اندر آئے گی۔ (ایمرسن)

☆...... سکھ کا راز قربانی میں پنہاں ہے۔ (اینڈرو کارنیگی)

☆...... سکھ کی بنیاد ثواب ہے اور ثواب کی بنیاد صداقت۔ (کالرج)

☆...... یہ حقیقت جان لو کہ آدمی کے لیے یہ جاننا کافی ہے کہ یہاں نیک اعمال میں ہی سکھ ہے۔ (پوپ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سماج یا معاشرہ

☆...... سب سے زیادہ سکھی سماج وہ ہے جس میں ہر شخص ایک دوسرے کے تئیں دلی احترام کا جذبہ رکھتا ہے۔

☆...... صرف وہی سماج ہمیشہ سکھی رہتا ہے جس نے اخلاقی محاسن کو اپنا لیا ہو۔ (رسکن)

☆...... معاشرہ چند مہذب خانہ بدوش لوگوں کے دو گروہوں کا نام ہے' ستائے ہوئے اور ستانے والے۔ (بائرن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سوال

☆...... دنیا میں سب سے اچھا سوال یہ ہے کہ میں کون سی نیکی کر سکتا

ہوں۔ (فرینکلن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سوچنا

☆ ...... ایک لمحہ کے لیے تو سوچو کہ انبیاء اور فلاسفر کس چیز کی تلاش میں تھے۔ (ابن رشد)

☆ ...... سوچنا نہایت مشکل کام ہے یہی وجہ ہے کہ بہت کم لوگ سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ (ہنری فوری)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

سیاست

☆ ...... سیاست کو مذہب سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ (محمد علی جناح)

☆ ...... سیاست میں افراد سے نہیں اصولوں سے دوستی ہوتی ہے۔ (مولانا بھاشانی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

شاعر اور شاعری

☆ ...... شاعر دکھوں سے سیکھتے ہیں اور گیتوں سے سکھاتے ہیں۔ (شیلے)

☆ ...... شاعر لکھنے کے لیے اس وقت تک قلم اپنے ہاتھ میں نہیں اٹھاتا جب

تک اس کی سیاہی محبت کی آہوں سے شرابور نہیں ہو جاتی۔ (شیکسپیئر)

☆...... تاریخ کی نسبت شاعری حقیقت کے زیادہ قریب ہے۔ (افلاطون)

☆...... شاعری سکھی اور اعلیٰ انسانوں کے اعلیٰ اور سکھ بھرے لمحوں کا اظہار ہے۔ (شیلے)

☆...... شاعر وہ سپیرا ہے جس کی پٹاری میں سانپوں کی بجائے دل بند ہوتے ہیں۔ (پریم چند)

☆...... شاعری کا عظیم مقصد ہے لوگوں کی فکروں کو دور کرنا اور ان کے خیالات کو وسعت دینا۔ (کیٹس)

☆...... ہمارے ہاں بھونڈے شاعروں کی بڑی تعداد کی وجہ یہ ہے کہ وہ سب الہامی شاعر ہیں۔ (چرٹن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

شرم

☆...... شرم عورت کا سب سے قیمتی زیور ہے۔ (کولٹن)

☆...... شرم کی کشش حسن سے زیادہ ہوتی ہے۔ (شیکسپیئر)

☆...... یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ بناوٹی شرم حقیقی شرم کو مار ڈالتی ہے۔ (ٹیگور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

شک وشبہ

☆...... انسانی علم شبہ کا منبع ہے۔ (گریوائل)

☆...... ہمارے شبہات اعتماد شکن ہیں اور ہمیں ان اچھائیوں سے محروم رکھتے ہیں جنہیں ہم کوشش کر کے حاصل کر لیتے ہیں۔ (شیکسپیئر)

☆...... جس شخص کو شبہ ہے اس کا کوئی ٹھکانا نہیں۔ (گاندھی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

شہرت

☆...... شہرت کی تمنا وہ لباس ہے جسے عالم لوگ بھی سب سے آخر میں اتارتے ہیں۔ (کہاوت)

☆...... شہرت وہ پیاس ہے جو کبھی نہیں بجھتی۔ آگستیہ رشی کی طرح سمندر پینے کے بعد بھی تشنہ رہتی ہے۔ (پریم چند)

☆...... شہرت بہادری کے کارناموں کی مہک ہے۔ (سقراط)

☆...... خون کی ندیاں بہانے کے بجائے ایک آنسو پونچھنے کی شہرت زیادہ ممتاز ہے۔ (بائرن)

☆...... یہ شہرت ہی کی سزا ہے کہ آدمی کو ہمیشہ ترقی پذیر رہنا پڑتا ہے۔ (چیپن)

☆...... مبارک ہیں وہ لوگ جن کی شہرت ان کی صداقت سے زیادہ

منور نہیں ہوتی۔ (ٹیگور)

☆...... شہرت کی غیر فانی فہرست میں ایسے نام بھی شامل ہیں جن کی وجہ سے شہرت شرمندہ و نادم ہے۔ (ہزلٹ)

☆...... شہرت قربانی سے ملتی ہے دھوکہ دہی سے نہیں۔ (پریم چند)

☆...... شہرت کا راستہ جنت کے راستے کی طرح نہایت دشوار گزار ہے۔ (لٹرن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

شخص

☆...... جو شخص رزق میں وسعت چاہتا ہے وہ رشتہ داروں سے محبت کرے۔ (صحیح بخاری)

☆...... اس شخص سے بچو، جو تم کو تم سے بڑا کہے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... مجھے اس شخص پر رحم آتا ہے جس کی شہرت یہ ہو کہ وہ نیک ہے اور در حقیقت وہ برا ہو۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... جو شخص تم سے پہلے کوئی بات کرے اسے جواب نہ دو۔ (سیدنا حسن رضی اللہ عنہ)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

شیطان

☆...... یہ کتنی بری بات ہے کہ تم بظاہر شیطان کو کوستے ہو اور درپردہ اس کے دوست ہو۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... آدمی کا شیطان آدمی ہے۔ (میرامن دہلوی)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

صبر و تحمل

☆...... جتنی جلدی کرو گے اتنی دیر لگے گی۔ (چرچل)

☆...... صبر زندگی کے مقصد کا دروازہ کھولتا ہے' کیونکہ سوائے صبر کے اس دروازے کی اور کوئی چابی نہیں ہے۔ (شیخ سعدی)

☆...... رنج و غم میں، مالی پریشانی کے وقت یا جان کا خطرہ پیدا ہو جانے پر جو لوگ صبر و تحمل سے کام لیتے ہوئے اس کا مقابلہ کرتے ہیں ان کا بال بھی بیکا نہیں ہوتا۔ (والمیکی)

☆...... صبر مایوسی کی وہ قسم ہے جسے خوبی کا نام دے دیا گیا ہے۔ (پیٹرسن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

صحت یا تندرستی

☆...... اچھی صحت انسان کی اولین عظیم دولت ہے۔ (ایمرسن)

☆...... صحت، محنت میں ہے' محنت کے علاوہ کسی دوسری چیز سے

حاصل نہیں کی جاسکتی۔

☆...... اپنی صحت وتندرستی کے لیے شام کو فٹ بال، ٹینس اور پولو کھیلنے والو! تم دیہاتوں میں جا کر ان غریب کسانوں کا ہاتھ کیوں نہیں بٹاتے جن کے جسم محنت کی زیادتی سے چور چور ہورہے ہیں۔ (برنارڈ شا)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

صداقت

☆...... اگر تم میرے ہاتھوں پر چاند اور سورج بھی لا کر رکھ دو تو بھی میں صداقت کا راستہ نہیں چھوڑوں گا۔ (رسول اللہ ﷺ)

☆...... جو حق بات کہنے سے باز رہتا ہے وہ گونگا شیطان ہے۔ (ابو علی آفاق)

☆...... صداقت انسان کو عظیم بناتی ہے، انسانی صداقت کو عظیم بناتا ہے۔ (کنفیوشش)

☆...... صداقت ایک ہی ہے دوسری نہیں، صداقت کے وجود کے لیے عقل مند لوگ بحث نہیں کیا کرتے۔ (گوئٹے)

☆...... صداقت کی آزمائش دکھ میں ہوتی ہے سکھ میں نہیں۔

☆...... وقت قیمتی ہے لیکن صداقت اس سے بھی زیادہ قیمتی ہے۔ (ڈزارائیلی)

☆...... اگر تم غلطیوں کو روکنے کے لیے دروازہ بند کرو گے تو سچائی بھی باہر رہ جائے گی۔ (ٹیگور)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

طاقت یا قوت

☆...... جب تم کسی کمزور پر ہاتھ ڈالنے لگو تو مت بھولو کہ رب قاہر تم سے زیادہ طاقت ور ہے۔ (عمر بن عبدالعزیز)

☆...... قوت کسی زمانے میں بھی حق کا معیار نہیں رہی۔ (فراغلول پاشا)

☆...... اگر تم کو کسی قوم کی طاقت کا اندازہ کرنا مطلوب ہو تو اس کی توپوں اور بندوقوں کا معائنہ نہ کرو بلکہ اس کے کارخانوں میں جاؤ اور دیکھو کہ وہ قوم کہاں تک غیر قوموں کی محتاج اور کہاں تک اپنی ضروریات اپنی محنت سے پوری کرتی ہے۔ (اقبال)

☆...... طاقت سے دشمن پر فتح پانا ادھوری فتح ہے۔ (ملٹن)

☆...... صبر و قناعت ہی حقیقی قوت ہے۔ (بے ہنٹ)

☆...... طاقت روح کے اندر سے آتی ہے باہر سے نہیں۔ (سدرشن)

☆...... ہم سب کے دل و دماغ میں بہت سی طاقتیں سوئی ہوئی ہیں جنہیں ہمدردی اور حوصلہ افزائی کا ایک لفظ جگا سکتا ہے۔ (ولیم جیمس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ظلم یا ظالم

☆ ...... ظالم بادشاہ کے سامنے سچی بات کہنا بڑا جہاد ہے۔ (حدیث)

☆ ...... لوگ جب ظالم کو دیکھیں اور اسے ظلم کرنے سے باز نہ رکھ سکیں تو جلد ہی خدا ان سب پر عذاب نازل کرے گا۔ (حدیث)

☆ ...... ظلم، ظالم کو پچھاڑ دیتا ہے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆ ...... ظالم سے بڑھ کر بدقسمت آدمی کوئی دوسرا نہیں ہو سکتا کیونکہ مصیبت کے وقت اس کا کوئی مددگار نہیں ہوتا۔ (شیخ سعدی)

☆ ...... جس نے کسی ایسے شخص پر ظلم کیا ہے جس کا اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں تو اسے چاہیے کہ وہ چوکنا رہے اور اپنے ظلم کی سزا فوراً نہ ملنے پر کسی ہم میں مبتلا نہ ہو۔ (اسمٰعیل بن ابوبکر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

عالم

☆ ...... عالم وہ لوگ ہیں جو اپنے علم کے مطابق عمل کرتے ہیں۔

(محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

☆ ...... تین چیزیں ایسی ہیں جن سے نظام دہر انہدام سے دوچار ہوتا ہے اور ان میں سے ایک صاحب علم کی لغزش اور غلطی ہے۔ (سیدنا عمر رضی اللہ عنہ)

☆...... بادشاہ عوام کے حاکم ہوتے ہیں اور علماء بادشاہوں کے۔

(نظام الملک)

☆...... جاہل مال کا طالب ہوتا ہے اور عالم کمال کا۔ (امام غزالی)

☆...... عالم کا ایک دن جاہل کی ساری زندگی سے بہتر ہے۔ (سقراط)

☆...... جاہل چپ ہو تو عالم نظر آتا ہے۔ (عمر خیام)

☆...... احمق لوگ عالم لوگوں سے جتنا سیکھتے ہیں اس سے کہیں زیادہ عالم لوگ احمقوں سے سیکھتے ہیں۔

☆...... جو دوسروں کو جانتا ہے وہ سمجھ دار ہے اور جو خود کو جانتا ہے وہ عالم ہے۔ (لاوتے)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

عزت واحترام

☆...... تم بڑوں کی عزت کرو چھوٹے تمہاری عزت کریں گے۔ (سیدنا علی رضی اللہ عنہ)

☆...... یہ کہیں بہتر ہے کہ تم عزت و احترام کے قابل بنو اور اسے حاصل نہ کر سکو بجائے اس کے کہ تم اسے حاصل کر لو اور اس کے قابل نہ بنو۔ (پرتگالی کہاوت)

☆...... شیر بھوکا مرجانا پسند کرتا ہے، کتے کا جھوٹا گوشت کبھی نہیں کھاتا۔ (شیخ

سعدی)

☆...... زندگی ہر شخص کو عزیز ہے لیکن بہادر انسان کے لیے عزت زندگی سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ (شیکسپیئر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ہنسی مسکراہٹ

☆...... مسکراہٹ محبت کی زبان ہے۔ (ہومر)

☆...... عالم کو سب سے زیادہ چکر میں ڈالنے والی اگر کوئی چیز ہے تو وہ ہے احمق کی ہنسی ہے۔ (بارن)

☆...... جب میں خود پر ہنستا ہوں تو میرے دل کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے۔ (ٹیگور)

☆...... میرا اعتقاد ہے کہ ہر بار جب کبھی شخص مسکراتا ہے یا زیادہ ہنستا ہے تو وہ اپنی زندگی میں اضافہ کرتا ہے۔ (سٹرن)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

ہوس

☆...... جب ہم میں سے دولت اور شہرت کی ہوس ختم ہو جائے گی۔ اس وقت ہم بہتر انسان بن جائیں گے۔ (ڈی۔ ایچ۔ لارنس)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

یاد

☆...... کسی راجا نے ایک پرہیزگار سے پوچھا: ''کیا میں تمہیں کبھی یاد آتا ہوں'' جواب ملا۔ ''ہاں! جب میں خدا کو بھلا جاتا ہوں''۔ (شیخ سعدی)

☆...... دکھ کی یاد موجودہ مسرت کو شیریں بنا دیتی ہے۔ (پولک)

☆...... یاد ہی ایک ایسی جنت ہے جہاں سے ہمیں بھگایا نہیں جائے گا۔ (رچر)

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

یکسوئی

☆...... بے شک یکسوئی حاصل کرنے کے لیے خلوت وعزلت نشینی کی ضرورت ہے لیکن تمام لوگ اس کے اہل نہیں ہوتے۔ (اقبال)

☆...... ذہنی یکسوئی انسانی فتح کی طاقت ہے' یہ انسانی زندگی کی تمام طاقتوں کو مرکوز کر کے ذہنی انقلاب پیدا کرتی ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

بچوں کے لیے ہماری دیگر دلچسپ تربیتی کتب



دارُالابلاغ

کتاب وسنت کی اشاعت کا مثالی ادارہ